اقترب للناس 17

# القرآن الكريم

## لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

نگہت ہاشمی

# ۲۱ سُوْرَةُ الْاَنْبِیَآءِ مَكِّیَّةٌ ۷۳

اٰیاتها ۱۱۲ | رکوعاتها ۷

سورہ انبیاء مکی ہے اس میں ایک سو بارہ آیات اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

اِقْتَرَبَ | لِلنَّاسِ | حِسَابُهُمْ | وَهُمْ | فِیْ غَفْلَةٍ

قریب آ گیا | لوگوں کے لیے | اُن کا حساب | اور وہ | غفلت میں

لوگوں کے لیے اُن کا حساب قریب آ گیا اور وہ غفلت میں

مُّعْرِضُوْنَ ۝۱ ج | مَا یَاْتِیْهِمْ | مِّنْ ذِكْرٍ | مِّنْ رَّبِّهِمْ | مُّحْدَثٍ

منہ موڑنے والے ہیں | نہیں آیا اُن کے پاس | کوئی ذکر | اُن کے رب کی طرف سے | نیا

منہ موڑنے والے ہیں۔(1) اُن کے رب کی طرف سے کوئی بھی نیا ذکر اُن کے پاس نہیں آتا

اِلَّا | اسْتَمَعُوْهُ | وَهُمْ | یَلْعَبُوْنَ ۝۲ لا | لَاهِیَةً | قُلُوْبُهُمْ ط

مگر | وہ سنتے ہیں اُس کو | اور وہ | کھیل رہے ہوتے ہیں | غافل ہیں | دل اُن کے

مگر وہ اُس کو مشقت سے سُنتے ہیں، اور وہ کھیل رہے ہوتے ہیں۔(2) (اس حالت میں کہ) دل اُن کے غافل ہیں۔

وَاَسَرُّوا | النَّجْوَى ۖ ق | الَّذِیْنَ | ظَلَمُوْا ۖ ق | هَلْ | هٰذَآ

اور انہوں نے خفیہ کی | سرگوشی | جن لوگوں نے | ظلم کیا | نہیں ہے | یہ

اور جن لوگوں نے ظلم کیا اُنہوں نے خفیہ سرگوشی کی کہ یہ

اِلَّا | بَشَرٌ | مِّثْلُكُمْ ج | اَفَتَاْتُوْنَ | السِّحْرَ | وَاَنْتُمْ

سوائے | آدمی کے | تمہارے ہی جیسا | تو کیا تم آتے ہو | جادو میں | حالانکہ تم

تمہارے ہی جیسا آدمی ہے؟ تو کیا تم اس کے جادو میں آتے ہو حالانکہ

تُبْصِرُوْنَ ﴿٣﴾ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ

تم دیکھتے ہو | اُس نے کہا | میرا رب | جانتا ہے | ہر بات کو | آسمان میں

تم دیکھتے ہو؟(3) رسول نے کہا میرا رب آسمان میں

وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٤﴾ بَلْ قَالُوْٓا

اور زمین میں | اور وہ | سب کچھ سننے والا | سب کچھ جاننے والا ہے | بلکہ | وہ کہتے ہیں

اور زمین میں ہر بات کو جانتا ہے اور وہ سب کچھ سُننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔(4) بلکہ وہ کہتے ہیں کہ

اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۢ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚۖ

پریشان باتیں ہیں | خوابوں کی | بلکہ | اُس نے وہ گھڑ لیا ہے | بلکہ | وہ | شاعر ہے

خوابوں کی پریشان باتیں ہیں، بلکہ وہ اس نے گھڑ لیا ہے، بلکہ وہ شاعر ہے،

فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿٥﴾ مَآ اٰمَنَتْ

پس وہ لائے ہمارے پاس | کوئی معجزہ | جیسا کہ | بھیجا گیا تھا | پہلوں کو | نہیں ایمان لائی

چنانچہ وہ ہمارے پاس کوئی معجزہ لائے جیسا کہ پہلے (رسولوں) کو بھیجا گیا تھا۔(5)

قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٦﴾

اُن سے پہلے | کوئی بستی | ہلاک کیا ہم نے اُس کو | تو کیا وہ | ایمان لائیں گے

ان سے پہلے کوئی بستی ایمان نہیں لائی جسے ہم نے ہلاک کیا تو کیا وہ لوگ ایمان لائیں گے؟(6)

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ

اور نہیں | بھیجا ہم نے | آپ سے پہلے | مگر | کچھ مردوں کو | ہم وحی کرتے تھے

اور آپ سے پہلے نہیں بھیجا ہم نے مگر کچھ مردوں کو، ہم جن کی طرف وحی کرتے تھے

اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٧﴾

جن کی طرف | چنانچہ پوچھ لو | اہل ذکر سے | اگر | ہو تم | نہیں جانتے

چنانچہ اہلِ ذکر سے پوچھ لو اگر تم نہیں جانتے۔(7)

وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا

اور نہیں بنائے ہم نے اُن کے ایسے جسم نہ وہ کھاتے ہوں کھانا اور نہ ہی

اور ہم نے اُن کے جسم ایسے نہیں بنائے تھے کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور نہ

كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۸ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ

تھے وہ ہمیشہ رہنے والے پھر سچا کیا ہم نے اُن سے وعدہ تو نجات دی ہم نے اُن کو

وہ ہمیشہ رہنے والے تھے۔(8) پھر ہم نے اُن سے وعدہ سچا کر دیا تو ان کو

وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۹ لَقَدْ

اور جس کو ہم نے چاہا اور ہلاک کر دیا ہم نے حد سے گزرنے والوں کو بلاشبہ یقیناً

اور جس کو ہم نے چاہا، ہم نے نجات دی اور حد سے گزر جانے والوں کو ہم نے ہلاک کر دیا۔(9) بلاشبہ یقیناً ہم نے

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ط اَفَلَا

نازل کی ہم نے تمہاری طرف ایک ایسی کتاب اس میں تمہارا ذکر ہے تو کیا نہیں

تمہاری طرف ایک ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں تمہارا ذکر ہے تو کیا

ع ۱

تَعْقِلُوْنَ ۱۰ ع وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ

تم سمجھتے اور کتنی ہی تہس نہس کر دیں ہم نے بستیوں میں سے تھیں

تم سمجھتے نہیں؟(10) اور کتنی ہی ظالم بستیاں تھیں جنہیں ہم نے تہس نہس کر دیا

ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۱۱ فَلَمَّآ

ظالم اور پیدا کیں ہم نے ان کے بعد قومیں دوسری تو جب

اور اُن کے بعد ہم نے دوسری قومیں پیدا کیں۔(11) تو جب

اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ط ۱۲

انہوں نے محسوس کیا عذاب ہمارا تب وہ وہاں سے بھاگ رہے تھے

انہوں نے ہمارا عذاب محسوس کیا تب وہاں سے وہ بھاگ رہے تھے۔(12)

لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ

بھاگو مت | اور واپس جاؤ | طرف | اُس کی جو | عیش کا سامان دیا گیا تمہیں | اُس میں

بھاگو مت! اور واپس جاؤ اُس عیش کے سامان کی طرف جو تمہیں دیا گیا تھا

وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿١٣﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ

اور اپنے گھروں میں | تا کہ تم سے | پوچھا جائے | انہوں نے کہا | ہائے ہماری کم بختی

اور اپنے گھروں میں تا کہ تم سے پوچھا جائے۔(13) انہوں نے کہا کہ ہائے ہماری کم بختی! یقیناً ہم ہی

اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿١٤﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ

یقیناً ہم | تھے ہم | ظالم | تو ہمیشہ رہی | یہی | پکار اُن کی

ظالم تھے۔(14) تو اُن کی ہمیشہ یہی پکار رہی

حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿١٥﴾ وَمَا خَلَقْنَا

یہاں تک کہ | بنا دیا ہم نے اُن کو | کٹا ہوا | بجھا ہوا | اور نہیں | پیدا کیا ہم نے

یہاں تک کہ ہم نے انہیں کٹا ہوا، بجھا ہوا بنا دیا۔(15) اور ہم نے

السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿١٦﴾ لَوْ

آسمان | اور زمین | اور جو | اُن دونوں کے درمیان ہیں | کھیلتے ہوئے | اگر

آسمان کو اور زمین کو اور جو ان دونوں کے درمیان ہیں ان کو کھیلتے ہوئے پیدا نہیں کیا۔(16) اگر

اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ

ارادہ کرتے ہم | یہ کہ | بنائیں ہم | کوئی کھیل | یقیناً بنا لیتے ہم اسے | اپنے ہی پاس سے

ہم ارادہ کرتے کہ کوئی کھیل بنائیں تو ہم اسے اپنے ہی پاس سے بنا لیتے

اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٧﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ

اگر | ہوتے ہم | کرنے والے | بلکہ | ہم پھینکتے ہیں | حق کو

اگر ہم کرنے ہی والے ہوتے۔(17) بلکہ ہم حق کو

عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ

باطل پر | تو وہ دماغ کچل دیتا ہے اس کا | چنانچہ اچانک | وہ | مٹنے والا ہوتا ہے

باطل پر پھینکتے ہیں تو وہ اس کا دماغ کچل دیتا ہے، چنانچہ اچانک وہ مٹنے والا ہوتا ہے

وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَهٗ

اور تمہارے لیے | تباہی ہے | اس سے جو | تم بیان کرتے ہو | اور اسی کا ہے

اور جو تم بیان کرتے ہو اس کی وجہ سے تمہارے لیے تباہی ہے۔(18) اور

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا

جو | آسمانوں میں ہے | اور زمین میں | اور جو بھی | اُس کے پاس ہیں | نہیں

آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہے اُسی کا ہے اور جو اُس کے پاس ہیں

يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ ج يُسَبِّحُوْنَ

وہ تکبر کرتے | اس کی عبادت سے | اور نہ وہ تھکتے ہیں | وہ تسبیح کرتے ہیں

وہ اس کی عبادت سے نہ تکبر کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں۔(19) وہ

الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً

رات کو | اور دن کو | وہ نہیں وقفہ کرتے | یا | انہوں نے بنا لیے ہیں | معبود

رات اور دن تسبیح کرتے ہیں اور وہ وقفہ نہیں کرتے۔(20) یا اُنہوں نے

مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ

زمین سے | وہ | زندہ کریں گے | اگر | ہوتے | اُن دونوں میں

زمین سے معبود بنا رکھے ہیں کہ وہ کسی کو زندہ کریں گے؟(21) اگر ان دونوں میں

اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ

کئی معبود | سوائے | اللہ تعالیٰ کے | تو ان دونوں میں ضرور فساد برپا ہو جاتا | سو پاک ہے | اللہ تعالیٰ

اللہ تعالیٰ کے سوا اور بھی معبود ہوتے تو ان دونوں میں ضرور فساد برپا ہو جاتا سو

رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٢٢﴾ لَا يُسْـَٔلُ

رب ہے عرش کا اُس سے جو وہ بیان کرتے ہیں نہیں سوال کیا جاتا اس سے

عرش کا رب اللہ تعالیٰ پاک ہے اُن سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔(22) وہ جو کچھ کرتا ہے

عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا

اس کے بارے میں وہ جو کرتا ہے اور ان سے ہی سوال کیے جاتے ہیں یا انہوں نے بنا رکھے ہیں

اُس کے بارے میں اُس سے سوال نہیں کیا جاتا اور اُن سے ہی سوال کیے جاتے ہیں۔(23) یا اُنہوں نے

مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ

اس کے سوا معبود آپ کہہ دیں لاؤ اپنی دلیل

اللہ تعالیٰ کے سوا معبود بنا رکھے ہیں؟ آپ کہہ دیں اپنی دلیل لاؤ

هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ؕ

یہ ہے نصیحت جو میرے ساتھ ہیں اور نصیحت جو مجھ سے پہلے تھے

یہ اُن لوگوں کی نصیحت بھی ہے جو میرے ساتھ ہیں اور اُن کی نصیحت بھی جو مجھ سے پہلے تھے

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ

بلکہ اکثر اُن کے نہیں جانتے حق کو چنانچہ وہ

بلکہ ان میں سے اکثر حق نہیں جانتے، چنانچہ وہ

مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ

منہ موڑنے والے ہیں اور نہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول

منہ موڑنے والے ہیں۔(24) اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا

اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

مگر ہم وحی کرتے رہے اس کی طرف بلاشبہ وہ نہیں کوئی معبود سوائے

مگر ہم اس کی طرف وحی کرتے رہے کہ بلاشبہ میرے سوا کوئی معبود نہیں

اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿٢٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ

میرے | چنانچہ تم عبادت کرو میری | اور انہوں نے کہا | بنا رکھی ہے | رحمٰن نے

چنانچہ تم میری ہی عبادت کرو۔(25) اور اُنہوں نے کہا رحمٰن نے

وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ ۙ

کوئی اولاد | پاک ہے وہ | بلکہ | وہ بندے ہیں | جنہیں عزت دی گئی ہے

کوئی اولاد بنا رکھی ہے، وہ اس سے پاک ہے بلکہ وہ فرشتے معزز بندے ہیں۔(26)

لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾

نہیں وہ پہل کرتے اس سے | بات میں | اور وہ | اس کے حکم پر | عمل کرتے ہیں

وہ اس سے بات میں پہل نہیں کرتے اور وہ اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں۔(27)

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

وہ جانتا ہے | جو | سامنے ہے اُن کے | اور جو | پیچھے ہے ان کے

وہ جانتا ہے جو اُن کے سامنے ہے اور جو اُن کے پیچھے ہے

وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ

اور نہیں وہ سفارش کرتے | مگر | اس کے لیے جسے | وہ پسند کرے | اور وہ

اور وہ سفارش نہیں کرتے مگر اس کے لیے جسے اللہ تعالیٰ پسند کرے اور وہ

مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿٢٨﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ

اس کے خوف سے | ڈرنے والے ہیں | اور جو | کہتا ہے | اُن میں سے | بلاشبہ میں

اس کے خوف سے ڈرنے والے ہیں۔(28) اور ان میں سے جو کہتا ہے کہ بلاشبہ

اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ

معبود ہوں | اس کے سوا | پھر یہ | ہم سزا دیں گے اس کو | جہنم کی

اللہ تعالیٰ کے سوا میں معبود ہوں تو اسی کو ہم جہنم کی سزا دیں گے۔

ع ۲ ۹ ۲

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الظّٰلِمِيْنَ ۝٢٩ ع | اَوَلَمْ | يَرَ | الَّذِيْنَ |
| ایسے ہی | ہم بدلہ دیا کرتے ہیں | ظالموں کو | اور کیا نہیں | دیکھا | ان لوگوں نے |

ظالموں کو ہم ایسے ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔(29) اور جن لوگوں نے کفر کیا انہوں نے دیکھا نہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْٓا | اَنَّ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ | كَانَتَا | رَتْقًا |
| جنہوں نے کفر کیا | یقیناً | آسمان | اور زمین | وہ دونوں تھے | ملے ہوئے |

کہ یقیناً آسمان اور زمین دونوں ملے ہوئے تھے؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَفَتَقْنٰهُمَا ط | وَجَعَلْنَا | مِنَ الْمَآءِ | كُلَّ | شَيْءٍ | حَيٍّ ط |
| تو پھاڑ کر جدا کر دیا ہم نے اُن کو | اور بنایا ہم نے | پانی سے | ہر | چیز کو | زندہ |

تو ہم نے ان دونوں کو پھاڑ کر جدا کیا اور ہم نے پانی سے ہر زندہ چیز کو بنایا،

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَفَلَا | يُؤْمِنُوْنَ ۝٣٠ | وَجَعَلْنَا | فِي الْاَرْضِ | رَوَاسِيَ | اَنْ |
| تو کیا نہیں | وہ ایمان لاتے | اور بنائے ہم نے | زمین میں | پہاڑ | تاکہ (نہ) |

تو کیا وہ ایمان نہیں لاتے؟ (30) اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنائے کہ وہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَمِيْدَ بِهِمْ ص | وَجَعَلْنَا | فِيْهَا | فِجَاجًا | سُبُلًا |
| وہ انہیں ہلا دے | اور بنائے ہم نے | اس میں | کشادہ | راستے |

انہیں ہلا نہ دے اور اس میں ہم نے کشادہ راستے بنائے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّهُمْ | يَهْتَدُوْنَ ۝٣١ | وَجَعَلْنَا | السَّمَآءَ | سَقْفًا |
| تاکہ وہ | راہ نمائی پائیں | اور بنایا ہم نے | آسمان کو | چھت |

تاکہ وہ راہ نمائی پائیں۔(31) اور ہم نے آسمان کو

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَّحْفُوْظًا ج | وَّهُمْ | عَنْ اٰيٰتِهَا | مُعْرِضُوْنَ ۝٣٢ | وَهُوَ |
| محفوظ | اور وہ | اُس کی نشانیوں سے | منہ موڑنے والے ہیں | اور وہی ہے |

ایک محفوظ چھت بنایا اور وہ اس کی نشانیوں سے منہ موڑنے والے ہیں۔(32) اور وہی ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْ | خَلَقَ | الَّیْلَ | وَالنَّهَارَ | وَالشَّمْسَ | وَالْقَمَرَ ؕ |
| جس نے | پیدا کیا | رات کو | اور دن کو | اور سورج کو | اور چاند کو |

جس نے رات کو اور دن کو اور سورج اور چاند کو پیدا کیا،

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كُلٌّ | فِیْ فَلَكٍ | یَّسْبَحُوْنَ ﴿٣٣﴾ | وَمَا جَعَلْنَا | لِبَشَرٍ |
| سب | ایک مدار میں | تیر رہے ہیں | اور نہیں دی ہم نے | کسی انسان کو |

سب ایک مدار میں تیر رہے ہیں۔(33) اور ہم نے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنْ قَبْلِكَ | الْخُلْدَ ؕ | اَفَاۡىِٕنْ | مِّتَّ | فَهُمُ |
| آپ سے پہلے | ہمیشگی | سو کیا اگر | آپ وفات پا جائیں | تو وہ |

آپ سے پہلے کسی انسان کو ہمیشگی نہیں دی، سو کیا اگر آپ وفات پا جائیں تو وہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْخٰلِدُوْنَ ﴿٣٤﴾ | كُلُّ نَفْسٍ | ذَآىِٕقَةُ | الْمَوْتِ ؕ | وَنَبْلُوْكُمْ |
| ہمیشہ رہنے والے ہیں | ہر جان | چکھنے والی ہے | موت کا (مزہ) | اور ہم آزماتے ہیں تمہیں |

ہمیشہ رہنے والے ہیں؟(34) ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے اور ہم تمہیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِالشَّرِّ | وَالْخَیْرِ | فِتْنَةً ؕ | وَاِلَیْنَا | تُرْجَعُوْنَ ﴿٣٥﴾ |
| بری حالت سے | اور اچھی حالت سے | آزمانا | اور طرف ہماری | تم لوٹائے جاؤ گے |

اچھی اور بُری حالت میں آزماتے ہیں اور ہماری طرف ہی تم لوٹائے جاؤ گے۔(35)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَاِذَا | رَاٰكَ | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْۤا | اِنْ | یَّتَّخِذُوْنَكَ |
| اور جب | دیکھتے ہیں آپ کو | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | نہیں | وہ بناتے آپ کا |

اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ جب آپ کو دیکھتے ہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | هُزُوًا ؕ | اَهٰذَا | الَّذِیْ | یَذْكُرُ | اٰلِهَتَكُمْ ۚ |
| مگر | مذاق | کیا یہی ہے | وہ شخص جو | ذکر کیا کرتا ہے | تمہارے معبودوں کا |

تو وہ آپ کا مذاق ہی بناتے ہیں کہ کیا یہی ہے وہ شخص جو تمہارے معبودوں کا ذکر کیا کرتا ہے؟

وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٦﴾

حالانکہ وہ | ذکر کا | رحمٰن کے | وہ | انکار کرنے والے ہیں

حالانکہ وہ خود بھی رحمٰن کے ذکر کا انکار کرنے والے ہیں۔(36)

خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ

پیدا کیا گیا | انسان کو | جلد باز | جلد ہی میں دکھاؤں گا تمہیں | اپنی نشانیاں

انسان جلد باز پیدا کیا گیا ہے، میں جلد ہی تمہیں اپنی نشانیاں دکھاؤں گا

فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٣٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

سو نہ جلدی طلب کرو تم | اور وہ کہتے ہیں | کب ہوگا | یہ | وعدہ

سو تم جلدی طلب نہ کرو۔(37) اور وہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ

اگر | ہو تم | سچے | کاش | جان پائیں | وہ لوگ

اگر تم سچے ہو؟(38) کاش! جن لوگوں نے

كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ

جنہوں نے کفر کیا | جب | نہ وہ روک سکیں گے | اپنے چہروں سے | آگ کو

کفر کیا وہ جان پائیں جب وہ نہ اپنے چہروں سے آگ کو روک سکیں گے

وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٣٩﴾ بَلْ

اور نہ | اپنی پشتوں سے | اور نہ ہی ان کی | مدد کی جائے گی | بلکہ

اور نہ اپنی پشتوں سے اور نہ ہی ان کی مدد کی جائے گی ۔(39) بلکہ

تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

آئے گی اُن کے پاس | اچانک | چنانچہ مبہوت کردے گی انہیں | پھر نہیں وہ طاقت رکھیں گے

وہ اچانک ان پر آجائے گی چنانچہ انہیں بدحواس کردے گی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَدَّهَا | وَلَا هُمْ | يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾ | وَلَقَدِ | اسْتُهْزِئَ |
| اس کے دفع کرنے کی | اور نہ ہی انہیں | مہلت دی جائے گی | اور بلاشبہ یقیناً | مذاق اڑایا گیا |

پھر وہ اسے دفع کرنے کی طاقت نہ رکھیں گے اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی۔(40) اور بلاشبہ یقیناً

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِرُسُلٍ | مِّنْ قَبْلِكَ | فَحَاقَ | بِالَّذِيْنَ | سَخِرُوْا |
| رسولوں کا | آپ سے پہلے | تو گھیر لیا | اُن لوگوں کو | جنہوں نے مذاق اڑایا تھا |

آپ سے پہلے رسولوں کا بھی مذاق اُڑایا گیا تو اُن میں سے جن لوگوں نے مذاق اُڑایا تھا انہیں اسی نے آگھیرا

ع ۳/۱۲/۳

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾ ع | قُلْ |
| اُن میں سے | جو | تھے وہ سب | جس کا | مذاق اڑایا کرتے | آپ کہہ دیں |

جس کا وہ مذاق اُڑایا کرتے تھے۔(41) آپ کہہ دیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَنْ | يَّكْلَؤُكُمْ | بِالَّيْلِ | وَالنَّهَارِ | مِنَ الرَّحْمٰنِ ط |
| کون | بچا سکتا ہے تمہیں | رات کو | اور دن کو | رحمٰن سے |

کون ہے جو رات کو اور دن کو تمہیں رحمٰن سے بچا سکتا ہے؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَلْ | هُمْ | عَنْ ذِكْرِ | رَبِّهِمْ | مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ | اَمْ |
| بلکہ | وہ | نصیحت سے | اپنے رب کی | منہ موڑنے والے ہیں | یا |

بلکہ وہ اپنے رب کی نصیحت سے ہی منہ موڑنے والے ہیں۔(42) یا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | اٰلِهَةٌ | تَمْنَعُهُمْ | مِّنْ دُوْنِنَا ط | لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ |
| اُن کے | معبود ہیں | بچا سکتے ہیں انہیں | ہمارے سوا | نہیں وہ طاقت رکھتے |

ہمارے سوا ان کے معبود ہیں جو انہیں بچاتے ہیں؟ وہ تو

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَصْرَ | اَنْفُسِهِمْ | وَلَا هُمْ | مِّنَّا | يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾ |
| مدد کی | اپنی جانوں کی | اور نہ ہی وہ | ہماری جانب | ان کا ساتھ دیا جاتا ہے |

اپنی جانوں کی مدد کی بھی طاقت نہیں رکھتے اور نہ ہی ہماری جانب سے ان کا ساتھ دیا جاتا ہے۔(43)

بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ

بلکہ | سازوسامان دیا ہم نے | اُن لوگوں کو | اوراُن کے باپ داداکو | یہاں تک کہ | لمبی ہوگئیں

بلکہ ہم نے ان کواوران کے باپ دادا کو سامانِ حیات دیا یہاں تک کہ

عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ط اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي

اُن کی | عمریں | توکیانہیں | وہ دیکھتے | بلاشبہ ہم | ہم آرہے ہیں

ان کی عمریں لمبی ہوگئیں توکیاوہ دیکھتے نہیں کہ بلاشبہ ہم

الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ط اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾

زمین کو | ہم گھٹارہے ہیں اس کو | اس کے اطراف سے | توکیاوہی | غالب آنے والے ہیں

زمین کواس کے اطراف سے گھٹاتے آرہے ہیں؟ توکیاوہی غالب آنے والے ہیں؟(44)

قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ﳲ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ

آپ کہہ دیں | یقیناً | میں ڈراتا ہوں تمہیں | وحی کے ذریعے | اورنہیں سنتے | بہرے

آپ کہہ دیں میں تووحی کے ذریعے ہی تمہیں ڈراتا ہوں اور بہرے پُکارنہیں سنتے

الدُّعَآءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ

پکارکو | جب کبھی | انہیں خبردار کیا جاتا ہے | اوریقیناً اگر | چھوجائے اُن کو

جب کبھی انہیں خبردار کیا جاتا ہے۔(45)اوریقیناً اگر

نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ

ہلکاساایک جھونکا | عذاب سے | تیرے رب کے | تووہ ضرور کہیں گے | ہائے ہماری کم بختی

آپ کے رب کے عذاب کاایک ہلکاساجھونکابھی انہیں چھوجائے تووہ ضرور کہنے لگیں ہائے ہماری کم بختی!

اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ

یقیناً ہم ہی | ہم تھے | ظالم | اورہم رکھ دیں گے | ترازو

یقیناً ہم ہی ظالم تھے۔(46)اورہم

الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ

انصاف کے | قیامت کے دن | پھر نہیں ظلم کیا جائے گا | کسی جان پر | کچھ بھی

قیامت کے دن انصاف کے ترازو رکھیں گے پھر کسی جان پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا

وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا

اور اگر | ہو | برابر | ایک دانے کے | رائی کے | ہم لے آئیں گے

اور اگر رائی کے دانے برابر بھی ہوگا تو ہم اُسے لے آئیں گے

بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

اسے | اور کافی ہیں | ہم حساب کرنے والے | اور بلاشبہ یقیناً | عطا فرمایا ہم نے

اور ہم حساب کرنے والے کافی ہیں۔(47) اور بلاشبہ یقیناً ہم نے

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا

موسیٰ کو | اور ہارون کو | فرقان | اور روشنی | اور ذکر

موسیٰ اور ہارون کو متقیوں کے لئے فرقان اور ذکر اور روشنی عطا کی۔(48)

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ ۙ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

متقیوں کے لیے | وہ لوگ جو | خوف رکھتے ہیں | اپنے رب کا | بن دیکھے

وہ لوگ جو بن دیکھے اپنے رب کا خوف رکھتے ہیں

وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ

اور وہی | قیامت سے | ڈرنے والے ہیں | اور یہ | ذکر ہے

اور وہی قیامت سے ڈرنے والے ہیں۔(49) اور یہ

مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع

بڑا بابرکت | نازل کیا ہم نے اسے | تو کیا تم | اس کے | منکر ہو

بڑا بابرکت ذکر ہے، ہم نے اسے نازل کیا ہے تو کیا تم اس کے منکر ہو؟ (50)

ع ۴ ۹ ۴ الربع

وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَاۤ اِبۡرٰهِيۡمَ رُشۡدَهٗ مِنۡ قَبۡلُ

اور بلاشبہ یقیناً | عطا کی تھی ہم نے | ابراہیم کو | اس کی سمجھ بوجھ | اس سے پہلے

اور بلاشبہ یقیناً ہم نے اس سے پہلے ابراہیم کو اُس کی سمجھ بوجھ عطا کی تھی

وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيۡنَ ۚ﴿۵۱﴾ اِذۡ قَالَ لِاَبِيۡهِ

اور تھے ہم | اسے | جاننے والے | جب | اُس نے کہا | اپنے باپ سے

اور ہم ہی اسے جاننے والے تھے۔(51) جب اُس نے اپنے باپ سے

وَقَوۡمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيۡلُ الَّتِىۡۤ اَنۡتُمۡ

اور اپنی قوم سے | کیا ہیں | یہ | مورتیاں | وہ جو | تم

اور اپنی قوم سے کہا: ''کیا ہیں یہ مورتیاں جن کے لیے تم

لَهَا عٰكِفُوۡنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوۡا وَجَدۡنَاۤ اٰبَآءَنَا

اُن کے لیے | جم کر بیٹھنے والے ہو | اُنہوں نے کہا | پایا ہم نے | اپنے باپ دادا کو

جم کر بیٹھنے والے ہو؟''(52) اُنہوں نے کہا: ''ہم نے اپنے باپ دادا کو

لَهَا عٰبِدِيۡنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدۡ كُنۡتُمۡ اَنۡتُمۡ

اُن کی | عبادت کرنے والے | ابراہیم نے کہا | بلاشبہ یقیناً | تھے تم | تم

ان کی عبادت کرنے والا پایا ہے۔''(53) ابراہیم نے کہا: ''بلاشبہ تم

وَاٰبَآؤُكُمۡ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوۡۤا اَجِئۡتَنَا

اور تمہارے باپ دادا | گمراہی میں | کھلی | اُنہوں نے کہا | کیا تم لائے ہو ہمارے پاس

اور تمہارے باپ دادا یقیناً کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔''(54) اُنہوں نے کہا: ''کیا تم ہمارے پاس واقعی حق لائے ہو

بِالۡحَقِّ اَمۡ اَنۡتَ مِنَ اللّٰعِبِيۡنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ

حق کو | یا | تم | کھیلنے والوں میں سے ہو | اُس نے کہا | بلکہ

یا تم کھیلنے والوں میں سے ہو؟''(55) اُس نے کہا: ''بلکہ

رَبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ﺘ

رب تمہارا | رب ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا | جس نے | پیدا کیا اُنہیں

تمہارا رب وہی ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے

وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ﴿۵۶﴾ وَتَاللّٰهِ

اور میں | اُوپر | اس کے | گواہوں میں سے ہوں | اور قسم ہے اللہ کی

اُنہیں پیدا کیا ہے اور میں اس بات پر گواہوں میں سے ہوں۔'' (56) اور اللہ کی قسم!

لَاَكِیْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا

میں ضرور خفیہ تدبیر کروں گا | تمہارے بتوں کے لیے | بعد | اس کے | تم جاؤ گے

میں تمہارے بتوں کے لیے ضرور ایک خفیہ تدبیر کروں گا، اس کے بعد

مُدْبِرِیْنَ ﴿۵۷﴾ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِیْرًا

پیٹھ پھیر کر | پس اُس نے کر دیا اُنہیں | ٹکڑے ٹکڑے | سوائے | بڑے کے

کہ تم پیٹھ پھیر کر جاؤ گے۔'' (57) پس اُس نے اُنہیں ٹکڑے ٹکڑے کر دیا سوائے اُن کے بڑے کے

لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا مَنْ

اُن کے | تا کہ وہ | اس کی جانب | رجوع کریں | اُنہوں نے کہا | کس نے

تا کہ وہ اس کی جانب رجوع کریں۔ (58) اُنہوں نے کہا: ''کس نے

فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَاۤ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۹﴾

کیا | ایسا | ہمارے معبودوں کے ساتھ | بلاشبہ وہ | یقیناً ظالموں میں سے ہے

ہمارے معبودوں کے ساتھ ایسا کیا ہے؟ بلاشبہ وہ یقیناً ظالموں میں سے ہے۔'' (59)

قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْكُرُهُمْ یُقَالُ لَهٗۤ

لوگوں نے کہا | سنا ہم نے | ایک نوجوان سے | ذکر کرتا ہے اُن کا | کہا جاتا ہے | اُسے

لوگوں نے کہا: ''ہم نے ایک نوجوان کو اُن کا ذکر کرتے سُنا ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِبْرٰهِيْمُ ؕ ﴿۶۰﴾ | قَالُوْا | فَاْتُوْا | بِهٖ | عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ |
| ابراہیم | اُنہوں نے کہا | تو لاؤ | اسے | سب کی آنکھوں کے سامنے |

جسے ابراہیم کہا جاتا ہے۔'' (60) اُنہوں نے کہا: '' تو اُسے سب کی آنکھوں کے سامنے لاؤ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّهُمْ | يَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾ | قَالُوْٓا | ءَاَنْتَ | فَعَلْتَ | هٰذَا |
| تاکہ وہ | وہ گواہ ہوجائیں | اُنہوں نے کہا | کیا تم نے | کیا | یہ |

تاکہ وہ گواہ ہوجائیں۔'' (61) اُنہوں نے کہا: '' اے ابراہیم! کیا تم نے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِاٰلِهَتِنَا | يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ؕ ﴿۶۲﴾ | قَالَ | بَلْ | فَعَلَهٗ ۖ |
| ہمارے معبودوں سے | اے ابراہیم | ابراہیم نے کہا | بلکہ | کیا اُس کو |

ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ کیا ہے؟'' (62) ابراہیم نے کہا: '' بلکہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَبِيْرُهُمْ | هٰذَا | فَسْـَٔلُوْهُمْ | اِنْ | كَانُوْا | يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۳﴾ |
| اُن کے بڑے نے | یہ | چنانچہ پوچھو انہی سے | اگر | ہیں | وہ بولتے |

اُن کے بڑے نے یہ کیا ہے چنانچہ اگر وہ بولتے ہیں تو اُنہی سے پوچھو۔'' (63)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَرَجَعُوْٓا | اِلٰٓى | اَنْفُسِهِمْ | فَقَالُوْٓا | اِنَّكُمْ | اَنْتُمُ |
| تو وہ مائل ہوئے | طرف | اپنے دلوں کی | سو اُنہوں نے کہا | یقیناً تم | تم ہی |

تو وہ اپنے دلوں کی جانب مائل ہوئے سو انہوں نے کہا: '' یقیناً تم ہی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ ۙ | ثُمَّ | نُكِسُوْا | عَلٰى | رُءُوْسِهِمْ ۚ | لَقَدْ |
| ظالم ہو | پھر | وہ الٹے کردیے گئے | اُوپر | اپنے سروں کے | بلاشبہ یقیناً |

ظالم ہو۔'' (64) پھر وہ اپنے سروں پر الٹے کردیے گئے، بلاشبہ یقیناً

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلِمْتَ | مَا | هٰٓؤُلَآءِ | يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾ | قَالَ |
| تمہیں معلوم ہی ہے | نہیں | یہ سب | بولتے | ابراہیم نے کہا |

تمہیں معلوم ہی ہے کہ یہ بولتے نہیں ہیں۔ (65) ابراہیم نے کہا:

أَفَتَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْئًا

تو کیا تم عبادت کرتے ہو | اللہ تعالیٰ کے سوا | جو | نہیں نفع دیتے تمہیں | کچھ بھی

”تو کیا تم اللہ تعالیٰ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہو جو تمہیں کچھ بھی نفع نہیں دے سکتے

وَلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾ أُفٍّ لَكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ

اور نہ وہ نقصان پہنچا سکتے ہیں تمہیں | اُفسوس ہے | تم پر | اور ان پر جن کی | تم عبادت کرتے ہو

اور نہ تمہیں نقصان پہنچا سکتے ہیں؟(66) افسوس ہے تم پر بھی اور اُن پر بھی جن کی تم اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کرتے ہو،

مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا حَرِّقُوهُ

سوائے اللہ تعالیٰ کے | تو کیا نہیں | تم عقل رکھتے | اُنہوں نے کہا | جلا دو اُسے

تو کیا تم عقل نہیں رکھتے؟“(67) اُنہوں نے کہا: ”اسے جلا دو

وَانْصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ ﴿٦٨﴾ قُلْنَا

اور مدد کرو | اپنے معبودوں کی | اگر | ہو تم | کچھ کرنے ہی والے | کہا ہم نے

اور اپنے معبودوں کی مدد کرو اگر تم کچھ کرنے ہی والے ہو۔“(68) ہم نے کہا:

يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ ﴿٦٩﴾

اے آگ ہو جا | ٹھنڈی | اور سلامتی والی بن جا | اُوپر | ابراہیم کے

”اے آگ! ابراہیم پر ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی والی بن جا۔“(69)

وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ﴿٧٠﴾

اور اُنہوں نے ارادہ کیا | اس سے | سازش کا | چنانچہ بنا دیا ہم نے انہیں | سب سے زیادہ خسارے والے

اور انہوں نے اُس سے ایک سازش کا ارادہ کیا، چنانچہ ہم نے اُنہیں سب سے زیادہ خسارے والا بنا دیا۔(70)

وَنَجَّيْنَاهُ وَلُوطًا إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا

اور نجات دی ہم نے اس کو | اور لوط کو | طرف | اس زمین کی | جس میں | برکتیں رکھی ہم نے

اور ہم نے اُسے اور لوط کو اُس زمین کی طرف نجات دی جس میں ہم نے

فِيْهَا | لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾ | وَوَهَبْنَا | لَهٗۤ | اِسْحٰقَ ؕ

اُس میں | جہانوں کے لیے | اور عطا کیا ہم نے | اسے | اسحٰق

جہانوں کے لیے برکتیں رکھی ہیں۔(71) اور ہم نے اُسے اسحٰق عطا کیا

وَيَعْقُوْبَ | نَافِلَةً ؕ | وَكُلًّا | جَعَلْنَا | صٰلِحِيْنَ ﴿٧٢﴾

اور یعقوب بھی | زائد انعام کی صورت میں | اور ہر ایک کو | بنایا ہم نے | نیک

اور یعقوب بھی زائد انعام کی صورت میں! اور ہر ایک کو ہم نے نیک بنایا۔(72)

وَجَعَلْنٰهُمْ | اَئِمَّةً | يَّهْدُوْنَ | بِاَمْرِنَا | وَاَوْحَيْنَآ

اور بنایا ہم نے اُن کو | امام | وہ راہ نمائی کرتے تھے | ہمارے حکم سے | اور وحی کی ہم نے

اور ہم نے ان کو امام بنا دیا جو ہمارے حکم سے راہ نمائی کرتے تھے اور ہم نے

اِلَيْهِمْ | فِعْلَ الْخَيْرٰتِ | وَاِقَامَ | الصَّلٰوةِ | وَاِيْتَآءَ

طرف اُن کی | نیکیاں کرنے کی | اور قائم کرنے کی | نماز | اور ادا کرنے کی

اُن کی طرف نیکیاں کرنے، نماز قائم کرنے اور زکوۃ ادا کرنے کی وحی کی تھی

الزَّكٰوةِ ۚ | وَكَانُوْا | لَنَا | عٰبِدِيْنَ ﴿٧٣﴾ ۙۚ | وَلُوْطًا

زکوٰۃ | اور تھے وہ | ہمارے لیے | عبادت کرنے والے | اور لوط کو

اور وہ صرف ہماری عبادت کرنے والے تھے۔(73) اور لُوط کو

اٰتَيْنٰهُ | حُكْمًا | وَّعِلْمًا | وَّنَجَّيْنٰهُ | مِنَ الْقَرْيَةِ

دی ہم نے اُس کو | حکمت | اور علم | اور نجات دی ہم نے اُسے | اس بستی سے

ہم نے حکمت اور علم عطا کیا اور ہم نے اُس بستی سے اُسے نجات دی

الَّتِيْ | كَانَتْ | تَّعْمَلُ | الْخَبٰٓئِثَ ؕ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا

جو | تھی | کرتی | بدکاریاں | یقیناً وہ | تھے

جو بدکاریاں کرتی تھی، یقیناً وہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمَ | سَوْءٍ | فٰسِقِيْنَ ۝٧٤ | وَاَدْخَلْنٰهُ | فِيْ رَحْمَتِنَا | |
| لوگ | برے | نافرمان | اور داخل کیا ہم نے اسے | اپنی رحمت میں | |

برے، نافرمان لوگ تھے۔ (74) اور لوط کو ہم نے اپنی رحمت میں داخل کیا،

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهٗ | مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝٧٥ | وَنُوْحًا | اِذْ | نَادٰى | |
| یقیناً وہ | نیک لوگوں میں سے تھا | اور نوح کو | جب کہ | پکارا اُس نے | |

یقیناً وہ نیک لوگوں میں سے تھا۔ (75) اور نوح کو جب کہ اس سے پہلے اس نے ہمیں پکارا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلُ | فَاسْتَجَبْنَا | لَهٗ | فَنَجَّيْنٰهُ | وَاَهْلَهٗ | |
| اس سے پہلے | تو ہم نے دُعا قبول کی | اُس کی | پس نجات دی ہم نے اُسے | اور اُس کے ساتھیوں کو | |

تو ہم نے اُس کی دُعا قبول کی، پس ہم نے اُسے اور اُس کے ساتھیوں کو

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْكَرْبِ | الْعَظِيْمِ ۝٧٦ | وَنَصَرْنٰهُ | مِنَ الْقَوْمِ | الَّذِيْنَ | |
| غم سے | بہت بڑے | اور مدد کی ہم نے اُس کی | اس کی قوم سے | جنھوں نے | |

بہت بڑے غم سے نجات دلائی۔ (76) اور ہم نے اُس کی مدد کی، اس کی قوم کے مقابلے میں جنھوں نے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمَ | سَوْءٍ |
| جھٹلایا | ہماری آیات کو | یقیناً وہ | تھے | لوگ | بُرے |

ہماری آیات کو جھٹلایا تھا، یقیناً وہ بُرے لوگ تھے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاَغْرَقْنٰهُمْ | اَجْمَعِيْنَ ۝٧٧ | وَدَاوٗدَ | وَسُلَيْمٰنَ | اِذْ | |
| تو غرق کر دیا ہم نے اُن کو | سب کو | اور داؤد کو | اور سلیمان کو | جب | |

تو ہم نے اُن سب کو غرق کر دیا۔ (77) اور داؤد اور سلیمان کو، جب

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَحْكُمٰنِ | فِي الْحَرْثِ | اِذْ | نَفَشَتْ | فِيْهِ | |
| وہ دونوں فیصلہ کر رہے تھے | کھیت کے بارے میں | جب | چر گئی تھیں | اُس میں | |

وہ دونوں ایک کھیت کے بارے میں فیصلہ کر رہے تھے جب اُس میں

ع ٥ ٢٥ ٥

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غَنَمُ | الْقَوْمِ ج | وَكُنَّا | لِحُكْمِهِمْ | شٰهِدِيْنَ ﴿٧٨﴾ |
| بکریاں | کچھ لوگوں کی | اور تھے ہم | اُن کے فیصلے کے | گواہ |

کچھ لوگوں کی بکریاں چر گئی تھیں اور ہم ہی ان کے فیصلے کے گواہ تھے۔(78)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَفَهَّمْنٰهَا | سُلَيْمٰنَ ج | وَكُلًّا | اٰتَيْنَا | حُكْمًا |
| تو سمجھا دیا ہم نے | سلیمان کو | اور دونوں کو | عطا کیا تھا ہم نے | حکمت |

تو ہم نے سلیمان کو سمجھا دیا اور ہم نے دونوں کو حکمت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّعِلْمًا ز | وَّسَخَّرْنَا | مَعَ | دَاوٗدَ | الْجِبَالَ | يُسَبِّحْنَ |
| اور علم | اور مسخر کیا ہم نے | ساتھ | داؤد کے | پہاڑوں کو | وہ تسبیح کرتے تھے |

اور علم عطا کیا تھا اور داؤد کے ساتھ ہم نے پہاڑوں کو اور پرندوں کو بھی مسخر کیا جو تسبیح کرتے تھے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَالطَّيْرَ ط | وَكُنَّا | فٰعِلِيْنَ ﴿٧٩﴾ | وَعَلَّمْنٰهُ | صَنْعَةَ | لَبُوْسٍ |
| اور پرندوں کو | اور تھے ہم | کرنے ہی والے | اور سکھائی ہم نے اُس کو | بنائی | زرہ کی |

اور ہم کرنے ہی والے تھے۔(79) اور ہم نے اس کو تمہارے لیے زرہ بنانی سکھائی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَّكُمْ | لِتُحْصِنَكُمْ | مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ج | فَهَلْ | اَنْتُمْ |
| تمہارے لیے | تاکہ محفوظ رکھے تمہیں | تمہاری جنگ سے | تو کیا | تم |

تاکہ تمہاری جنگ میں تمہیں محفوظ رکھے، تو کیا تم

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شٰكِرُوْنَ ﴿٨٠﴾ | وَلِسُلَيْمٰنَ | الرِّيْحَ | عَاصِفَةً | تَجْرِيْ |
| شکر ادا کرنے والے ہو | اور سلیمان کے لیے | ہوا کو | تیز | چلتی تھی |

شکر ادا کرنے والے ہو؟(80) اور سُلیمان کے لیے تیز ہوا کو مسخر کر دیا جو

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِاَمْرِهٖٓ | اِلَى | الْاَرْضِ | الَّتِيْ | بٰرَكْنَا | فِيْهَا ط |
| اس کے حکم سے | طرف | زمین کی | جس میں | برکتیں رکھی تھی ہم نے | اس میں |

اُس کے حکم سے اس سرزمین کی طرف چلتی تھی جس میں ہم نے برکتیں رکھی تھی

وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿٨١﴾ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ

اور تھے ہم ہر چیز کا علم رکھنے والے اور شیاطین میں سے جو

اور ہم ہر چیز کا علم رکھنے والے تھے۔(81) اور شیاطین میں سے بھی، جو

يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ

غوطے لگاتے تھے اس کے لیے اور وہ کام کرتے تھے دوسرے کام سوائے اس کے

اُس کے لیے غوطہ لگاتے تھے اور اس کے علاوہ دوسرے کام بھی کرتے تھے

وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٨٢﴾ۙ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى

اور تھے ہم اُن کے نگہبان اور ایوب کو جب پکارا اُس نے

اور ہم ہی ان کے نگہبان تھے۔(82) اور ایوب کو جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ

رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ

اپنے رب کو یقیناً میں پہنچی ہے مجھے تکلیف اور تو

یقیناً مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تُو

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٨٣﴾ۚۖ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے سب رحم کرنے والوں میں سے تو دعا قبول کرلی ہم نے اس کی

سب رحم کرنے والوں میں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔(83) تو ہم نے اس کی دُعا قبول کرلی

فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ

پس دور کردی ہم نے جو اسے تھی تکلیف میں سے اور دیے ہم نے اسے اس کے اہل وعیال

پس اُسے جو تکلیف تھی ہم نے دور کردی اور ہم نے اُس کے اہل وعیال اُسے دیے

وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى

اور اُن جیسے ساتھ اُن کے بطور رحمت اپنی طرف سے اور نصیحت کے لیے

اور اُن کے ساتھ اُن جیسے اور بھی، اپنی طرف سے رحمت کے طور پر اور ان کی نصیحت کے لیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿٨٤﴾ | وَاِسْمٰعِيْلَ | وَاِدْرِيْسَ | وَذَاالْكِفْلِ ؕ |
| عبادت کرنے والوں کے لیے | اور اسماعیل کو | اور ادریس کو | اور ذوالکفل کو |

جو عبادت کرنے والے ہیں۔ (84) اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل کو،

| | | | |
|---|---|---|---|
| كُلٌّ | مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٨٥﴾ | وَاَدْخَلْنٰهُمْ | فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ |
| ہر ایک | صبر کرنے والوں میں سے تھے | اور داخل کیا ہم نے اُنہیں | اپنی رحمت میں |

ہر ایک صبر کرنے والوں میں سے تھا۔ (85) اور انہیں ہم نے اپنی رحمت میں داخل کیا،

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٦﴾ | وَذَاالنُّوْنِ | اِذْ | ذَّهَبَ |
| بلاشبہ وہ | صالحین میں سے تھے | اور مچھلی والے کو | جب | چلا گیا تھا |

بلاشبہ وہ صالحین میں سے تھے۔ (86) اور مچھلی والے کو جب وہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُغَاضِبًا | فَظَنَّ | اَنْ | لَّنْ | نَّقْدِرَ | عَلَيْهِ |
| غصے سے بھرا ہوا | پس اس نے سمجھا | یہ کہ | ہرگز نہ | ہم قابو پاسکیں گے | اس پر |

غصے سے بھرا ہوا چلا گیا، پس اُس نے سمجھا کہ ہم اس پر ہرگز قابو نہ پاسکیں گے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَنَادٰى | فِي الظُّلُمٰتِ | اَنْ | لَّآ اِلٰهَ | اِلَّآ | اَنْتَ |
| تو اُس نے پکارا | اندھیروں میں | یہ کہ | نہیں کوئی معبود | سوائے | آپ کے |

تو اُس نے اندھیروں میں پکارا: ”کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں،

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سُبْحٰنَكَ ۖ | اِنِّيْ | كُنْتُ | مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾ | فَاسْتَجَبْنَا |
| پاک ہیں آپ | یقیناً میں ہی | تھا | ظالموں میں سے | چنانچہ دعا قبول کی ہم نے |

آپ پاک ہیں، یقیناً میں ہی ظالموں میں سے تھا۔“ (87) چنانچہ ہم نے اُس کی دُعا قبول کی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَهٗ ۙ | وَنَجَّيْنٰهُ | مِنَ الْغَمِّ ؕ | وَكَذٰلِكَ | نُـْجِي |
| اُس کی | اور نجات دی ہم نے اُسے | غم سے | اور اسی طرح | ہم نجات دیتے ہیں |

اور ہم نے اسے غم سے نجات دی اور ہم

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ

مؤمنوں کو | اور زکریا کو | جب | اُس نے پکارا | اپنے رب کو | اے میرے رب

مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں۔(88) اور زکریا کو جب اس نے اپنے رب کو پکارا: ”اے میرے رب!

لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾ ج

نہ تو چھوڑنا مجھے | اکیلا | اور آپ | بہترین ہیں | سب وارثوں میں سے

آپ مجھے اکیلا نہ چھوڑنا اور آپ سب وارثوں میں سے بہترین ہیں۔“(89)

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا

تو دُعا قبول کی ہم نے | اُس کی | اور نوازا ہم نے | اسے | یحییٰ | اور درست کر دیا ہم نے

تو ہم نے اس کی دُعا قبول کی اور اسے یحییٰ سے نوازا

لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ

اُس کے لیے | اس کی بیوی کو | یقیناً وہ | تھے | جلدی کرتے

اور اُس کی بیوی کو اُس کے لیے درست کر دیا، یقیناً وہ

فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا

نیک کاموں میں | اور وہ پکارتے تھے ہمیں | رغبت سے | اور خوف سے | اور وہ تھے

نیک کاموں میں جلدی کرتے تھے اور ہمیں رغبت اور خوف سے پکارتے تھے

لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا

ہمارے لیے | عاجزی کرنے والے | اور وہ عورت | حفاظت کی جس نے | اپنی شرم گاہ کی

اور ہمارے لیے عاجزی کرنے والے تھے۔(90) اور وہ عورت جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی تھی

فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ

تو پھونکا ہم نے | اس میں | اپنی روح میں سے | اور بنایا ہم نے اسے | اور اُس کے بیٹے کو

تو ہم نے اس میں اپنی روح میں سے پھونکا اور ہم نے اسے اور اس کے بیٹے کو

اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۱﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً

| اٰيَةً | لِّلْعٰلَمِيْنَ | اِنَّ | هٰذِهٖٓ | اُمَّتُكُمْ | اُمَّةً |
|---|---|---|---|---|---|
| نشانی | جہانوں کے لیے | یقیناً | یہ | اُمت تمہاری | اُمت ہے |

جہانوں کے لیے نشانی بنا دیا۔(91) یقیناً یہ تمہاری اُمت ایک ہی اُمت ہے

وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا

| وَّاحِدَةً | وَّاَنَا | رَبُّكُمْ | فَاعْبُدُوْنِ | وَتَقَطَّعُوْٓا |
|---|---|---|---|---|
| ایک | اور میں | رب ہوں تمہارا | سو عبادت کرو میری | اور اُنہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا |

اور میں تمہارا رب ہوں سو تم میری عبادت کرو۔(92) اور انہوں نے

اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع

ع ۶ ۱۸ ۶

| اَمْرَهُمْ | بَيْنَهُمْ | كُلٌّ | اِلَيْنَا | رٰجِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| اپنا معاملہ | آپس میں | سب کے سب | طرف ہماری | لوٹنے والے ہیں |

اپنا معاملہ آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر دیا، سب ہی ہماری طرف لوٹنے والے ہیں۔(93)

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا

| فَمَنْ | يَّعْمَلْ | مِنَ الصّٰلِحٰتِ | وَهُوَ | مُؤْمِنٌ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|
| پس جو کوئی | عمل کرے گا | نیکی کا | اور وہ | ایمان والا ہوگا | تو نہیں |

پس جو شخص نیکی کا کوئی عمل کرے اور وہ ایمان والا ہو

كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾ وَحَرٰمٌ

| كُفْرَانَ | لِسَعْيِهٖ | وَاِنَّا | لَهٗ | كٰتِبُوْنَ | وَحَرٰمٌ |
|---|---|---|---|---|---|
| ناقدری ہوگی | اس کی کوشش کی | اور یقیناً ہم ہی | اسے | لکھنے والے ہیں | اور حرام ہے |

تو اس کی کوشش کی ناقدری نہیں ہوگی اور یقیناً ہم ہی اسے لکھنے والے ہیں۔(94) اور حرام ہے،

عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾

| عَلٰى | قَرْيَةٍ | اَهْلَكْنٰهَآ | اَنَّهُمْ | لَا يَرْجِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| اُوپر | ایک بستی کے | ہلاک کیا ہم نے اُس کو | یقیناً وہ | واپس نہیں لوٹیں گے |

اُس بستی پر جس کو ہم نے ہلاک کر دیا ہو یقیناً وہ واپس نہیں لوٹیں گے۔(95)

حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ

| حَتّٰٓى | اِذَا | فُتِحَتْ | يَاْجُوْجُ | وَمَاْجُوْجُ | وَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| حتی کہ | جب | کھول دیے جائیں گے | یاجوج | اور ماجوج | اور وہ |

حتیٰ کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیے جائیں گے اور وہ

مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ

ہر بلندی سے | دوڑ پڑیں گے | اور قریب آ جائے گا | وعدہ | سچا

ہر بلندی سے دوڑ پڑیں گے۔(96) اور وہ سچا وعدہ قریب آ جائے گا

فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ

پھر جب | وہ | پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی | نگاہیں | اُن لوگوں کی | جنہوں نے کفر کیا

اچانک ان لوگوں کی نگاہیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی جنہوں نے کفر کیا،

يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ

ہائے ہماری بربادی | یقیناً | تھے ہم | غفلت میں | اس سے | بلکہ

ہائے ہماری بربادی! یقیناً ہم اس سے غفلت میں تھے بلکہ

كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٩٧﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ

تھے ہم ہی | ظالم | بلاشبہ تم | اور وہ جن کی | تم عبادت کرتے ہو

ہم ہی ظالم تھے۔(97) بلاشبہ تم اور وہ جن کی

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا

سوائے اللہ تعالیٰ کے | ایندھن ہیں | جہنم کا | تم | اس کے لیے

اللہ تعالیٰ کے سوا تم عبادت کیا کرتے تھے سب جہنم کا ایندھن ہیں، تم سب اس میں

وٰرِدُوْنَ ﴿٩٨﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ

داخل ہونے والے ہو | اگر | ہوتے | یہ | معبود | نہ | داخل ہوتے یہ اس میں

داخل ہونے والے ہو۔(98) اگر یہ معبود ہوتے تو اس میں داخل نہ ہوتے

وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٩٩﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ

اور سب | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اُن کے لیے | اس میں | گدھے کی آواز ہوگی

اور یہی سب اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔(99) اس میں ان کے لیے گدھے کی سی آواز ہوگی

وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿١٠٠﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ

اور وہ | اس میں | کچھ نہیں سنیں گے | یقیناً | وہ لوگ | پہلے فیصلہ ہو چکا

اور وہ اس میں کچھ نہ سنیں گے۔(100) یقیناً جن کے لیے ہماری جناب سے

لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿١٠١﴾ ۙ

اُن کے لیے | ہماری جناب سے | بھلائی کا | یہی لوگ | اس سے | دور رکھے گئے ہوں گے

بھلائی کا فیصلہ پہلے ہو چکا وہ اس جہنم سے دور رکھے گئے ہوں گے۔(101)

لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ

نہ وہ سنیں گے | اُس کی آہٹ | اور وہ | ان میں جو | چاہیں گے

وہ اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے، اور وہ ان (نعمتوں) میں

اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٢﴾ ۚ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ

دل اُن کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | نہیں غمگین کرے گی اُنہیں | بڑی گھبراہٹ

ہمیشہ رہنے والے ہوں گے۔(102) اُنہیں بڑی گھبراہٹ غمگین نہ کرے گی

وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۗ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ

اور لینے کے لیے آئیں گے اُن کو | فرشتے | یہ ہے | دن تمہارا | جس کا

اور فرشتے اُن کے استقبال کو آئیں گے یہ ہے تمہارا وہ دن

كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ

تھے تم | وعدہ دیے جاتے | جس دن | ہم لپیٹ دیں گے | آسمان کو | لپٹنے کی طرح

جس کا تم وعدہ دیے جاتے تھے۔(103) جس دن ہم آسمان کو لپیٹ دیں گے جیسے

السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۗ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ

لکھے ہوئے کاغذ | کتابوں کے | جیسا کہ | ہم نے ابتدا کی | پہلی | تخلیق کی

کتابوں کے لکھے ہوئے کاغذات لپیٹ دیے جاتے ہیں، جیسا کہ ہم نے پہلی تخلیق کی ابتدا کی تھی

نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾

هم اعاده کریں گے اس کا | وعده ہے | ہم پر | یقیناً | ہیں ہم | کرنے والے

اسی طرح ہم اس کا اعادہ کریں گے، یہ ہمارے ذمہ وعدہ ہے، یقیناً ہم کرنے ہی والے ہیں۔(104)

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ

اور بلاشبہ یقیناً | لکھ دیا ہم نے | زبور میں | بعد | نصیحت کے

اوبلاشبہ یقیناً زبور میں ہم نے اس نصیحت کے بعد لکھ دیا

اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

بے شک | زمین | وارث ہوں گے اس کے | میرے بندے | نیک

کہ بے شک زمین کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے۔(105)

اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ ؕ وَمَآ

یقیناً | اس میں | ایک پیغام ہے | لوگوں کے لیے | عبادت گزار | اورنہیں

یقیناً عبادت گزار لوگوں کے لیے اس میں ایک پیغام ہے۔(106)

اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ

بھیجا ہم نے آپ کو | مگر | رحمت | سارے جہانوں کے لیے | آپ کہہ دیں

اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر سارے جہانوں کے لیے رحمت کرتے ہوئے۔(107) آپ کہہ دیں

اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

یقیناً | وحی کی گئی ہے | میری طرف | بلاشبہ | تمہارا معبود | معبود ہے

کہ یقیناً میری طرف وحی کی گئی ہے کہ بلاشبہ تمہارا معبود

وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا

ایک | تو کیا | تم | فرماں بردار ہو | پھر اگر | وہ منہ موڑیں

صرف ایک ہی معبود ہے تو کیا تم فرماں بردار بنتے ہو؟(108) پھر بھی اگر وہ منہ موڑیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَقُلْ | اٰذَنْتُكُمْ | عَلٰى سَوَآءٍ ؕ | وَاِنْ | اَدْرِيْٓ |
| تو آپ فرمائیں | اطلاع کر چکا ہوں تمہیں | برابر | اور نہیں | میں جانتا |

تو آپ فرمائیں میں تمہیں برابر اطلاع کر چکا ہوں اور میں نہیں جانتا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَقَرِيْبٌ | اَمْ | بَعِيْدٌ | مَّا | تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ | اِنَّهٗ | يَعْلَمُ |
| کیا قریب ہے | یا | دور | جس کا | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | یقیناً وہ | جانتا ہے |

کہ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے کہ آیا وہ قریب ہے یا دور۔(109) یقیناً اللہ تعالیٰ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْجَهْرَ | مِنَ الْقَوْلِ | وَيَعْلَمُ | مَا | تَكْتُمُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ |
| بلند آواز سے کی | بات کو | اور وہ جانتا ہے | جو | تم چھپاتے ہو |

بلند آواز سے کی ہوئی بات کو جانتا ہے اور وہ جانتا ہے جو تم چُھپاتے ہو۔(110)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَاِنْ | اَدْرِيْ | لَعَلَّهٗ | فِتْنَةٌ | لَّكُمْ | وَمَتَاعٌ |
| اور نہیں | میں جانتا | شاید کہ وہ | ایک امتحان ہے | تمہارا | اور کچھ فائدہ اُٹھانا |

اور میں یہ بھی نہیں جانتا کہ شاید وہ تمہارا امتحان ہے یا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۱۱﴾ | قٰلَ | رَبِّ | احْكُمْ | بِالْحَقِّ ؕ | وَرَبُّنَا |
| ایک مدت تک | پیغمبر نے کہا | اے میرے رب | فیصلہ فرمادے | حق کے ساتھ | اور رب ہمارا |

ایک مدت تک کچھ فائدہ اُٹھانا ہے۔(111) پیغمبر نے کہا اے میرے رب! حق کے ساتھ فیصلہ فرما اور ہمارا رب

| | | | |
|---|---|---|---|
| الرَّحْمٰنُ | الْمُسْتَعَانُ | عَلٰى مَا | تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع |
| وسیع رحمت والا | جس سے مدد مانگی جاتی ہے | اس پر جو | تم بیان کرتے ہو |

وسیع رحمت والا ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے ان باتوں پر جو تم بیان کرتے ہو۔(112)

ع ۱۹ / ۷ النصف

## ایاتها ۷۸ — ۲۲ سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۳ — رکوعاتها ۱۰

سُورہ حج مدنی ہے اس میں اٹھتّر آیات اور دس رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، بہت رحم کرنے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ

اے | لوگو! | ڈرو | اپنے رب سے | یقیناً | زلزلہ

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، یقیناً

السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝١ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ

قیامت کا | چیز ہے | بہت بڑی | جس دن | تم دیکھو گے اسے | غافل ہو جائے گی

قیامت کا زلزلہ بہت بڑی چیز ہے۔(1) جس دن تم اُسے دیکھو گے

كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ

ہر | دودھ پلانے والی | اُس سے جسے | اس نے دودھ پلایا | اور ڈال دے گی | ہر

ہر دودھ پلانے والی اس سے غافل ہو جائے گی جسے اس نے دودھ پلایا اور ہر

ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا

حاملہ | اپنا حمل | اور آپ دیکھو گے | لوگوں کو | مدہوش | حالانکہ نہیں

حاملہ اپنا حمل ڈال دے گی اور آپ لوگوں کو مدہوش دیکھیں گے

هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝٢

وہ ہوں گے | مدہوش | اور بلکہ | عذاب | اللہ تعالیٰ کا | بڑا ہی سخت ہوگا

حالانکہ وہ مدہوش نہ ہوں گے بلکہ اللہ تعالیٰ کا عذاب ہی بڑا سخت ہوگا۔(2)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ

اور لوگوں میں سے | جو | جھگڑا کرتا ہے | اللہ تعالیٰ کے بارے میں | بغیر

اور لوگوں میں سے ہے جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں بغیر علم کے جھگڑا کرتا ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عِلۡمٍ | وَّيَتَّبِعُ | كُلَّ | شَيۡطٰنٍ | مَّرِيۡدٍ ۙ﴿۳﴾ | كُتِبَ |
| علم کے | اور وہ پیچھے چلتا ہے | ہر | شیطان کے | سرکش | لکھ دیا گیا |

اور ہر سرکش شیطان کے پیچھے چلتا ہے۔(3) اُس کے لیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيۡهِ | اَنَّهٗ | مَنۡ | تَوَلَّاهُ | فَاَنَّهٗ | يُضِلُّهٗ |
| اس کے لیے | یقیناً وہ | جو بھی | دوست بنائے گا اسے | تو یقیناً وہ | گمراہ کرے گا اسے |

لکھ دیا گیا ہے کہ جو بھی اُسے دوست بنائے گا تو یقیناً وہ اُسے گمراہ کر دے گا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَيَهۡدِيۡهِ | اِلٰى | عَذَابِ | السَّعِيۡرِ ﴿۴﴾ | يٰۤاَيُّهَا |
| اور راستہ دکھائے گا اس کو | طرف | عذاب کی | بھڑکتی ہوئی آگ کے | اے |

اور اس کو بھڑکتی ہوئی آگ کا راستہ دکھائے گا۔(4) اے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| النَّاسُ | اِنۡ | كُنۡتُمۡ | فِىۡ رَيۡبٍ | مِّنَ الۡبَعۡثِ |
| لوگو | اگر | ہو تم | شک میں | اُٹھائے جانے کے بارے میں |

لوگو! اگر تم اٹھائے جانے کے بارے میں شک میں ہو

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّا | خَلَقۡنٰكُمۡ | مِّنۡ تُرَابٍ | ثُمَّ | مِنۡ نُّطۡفَةٍ |
| تو یقیناً ہم نے | پیدا کیا تمہیں | مٹی سے | پھر | نطفے سے |

تو یقیناً ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | مِنۡ عَلَقَةٍ | ثُمَّ | مِنۡ مُّضۡغَةٍ | مُّخَلَّقَةٍ |
| پھر | خون کے لوتھڑے سے | پھر | گوشت کی بوٹی سے | جس کی شکل بنائی گئی |

پھر خون کے لوتھڑے سے پھر گوشت کی بوٹی سے جس کی پوری شکل بنائی گئی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَّغَيۡرِ مُخَلَّقَةٍ | لِّنُبَيِّنَ | لَـكُمۡ ؕ | وَنُقِرُّ | فِى الۡاَرۡحَامِ |
| اور جس کی شکل نہیں بنائی گئی | تا کہ ہم واضح کریں | تمہارے لیے | اور ہم ٹھہراتے ہیں | رحموں میں |

اور جس کی شکل نہیں بنائی گئی تا کہ ہم تم پر واضح کر دیں اور ہم

مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ

جو | ہم چاہتے ہیں | ایک مقررہ مدت تک | پھر | ہم نکالتے ہیں تمہیں

جسے چاہتے ہیں ایک مقرر مدت تک رحموں میں ٹھہراتے ہیں پھر

طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ

بچے کی صورت میں | پھر | تا کہ تم پہنچو | اپنی جوانی کو | اورتم میں ہے

ہم تمہیں ایک بچے کی صورت نکال لاتے ہیں، پھرتا کہ تم اپنی جوانی کو پہنچ جاؤاورتم میں سے

مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى

جسے | وفات دی جاتی ہے | اورتم میں سے ہے | جس کو | لوٹا دیا جاتا ہے | طرف

کوئی ایسا ہے جس کووفات دے دی جاتی ہے اورتم ہی میں سے کوئی ایسا ہے جسے

اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ

بدترین | عمر کی | تا کہ نہ | وہ جانے | بعد | جاننے کے

بدترین عمر کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے تا کہ جاننے کے بعد

شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ

کچھ بھی | اورآپ دیکھتے ہیں | زمین کو | مردہ پڑی ہوئی | پھر جب

وہ کچھ بھی نہ جانے، اورآپ زمین کومردہ پڑی ہوئی دیکھتے ہیں پھر جب

اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ

ہم نازل کرتے ہیں | اُس پر | پانی | لہلہاتی ہے | اورابھر آتی ہے

ہم اُس پر پانی نازل کرتے ہیں تو وہ لہلہاتی ہے اور اُبھر آتی ہے

وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝٥ ذٰلِكَ بِاَنَّ

اورنباتات اُگاتی ہے | ہر قسم کی | خوش منظر | یہ | اس وجہ سے کہ بے شک

اور وہ ہر قسم کی خوش منظر نباتات اُگا دیتی ہے۔(5) اس کی وجہ یہ ہے کہ بے شک

اللّٰهَ | هُوَ | الْحَقُّ | وَاَنَّهٗ | يُحْيِ | الْمَوْتٰى
اللہ تعالیٰ | وہ | حق ہے | اور بلاشبہ وہ | زندہ کرے گا | مردوں کو

اللہ تعالیٰ ہی حق ہے اور بلاشبہ وہی مُردوں کو زندہ کرے گا

وَاَنَّهٗ | عَلٰى | كُلِّ شَيْءٍ | قَدِيْرٌ ۙ﴿۶﴾ | وَّاَنَّ
اور یقیناً وہ | اُوپر | ہر چیز کے | پوری قدرت رکھنے والا ہے | اور یقیناً

اور یقیناً وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔(6) اور یقیناً

السَّاعَةَ | اٰتِيَةٌ | لَّا رَيْبَ | فِيْهَا ۙ | وَاَنَّ | اللّٰهَ
قیامت | آنے والی ہے | نہیں کوئی شک | اس میں | اور بے شک | اللہ تعالیٰ

قیامت آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں اور بے شک اللہ تعالیٰ

يَبْعَثُ | مَنْ | فِي الْقُبُوْرِ ﴿۷﴾ | وَمِنَ النَّاسِ | مَنْ
اُٹھائے گا | جو | قبروں میں ہیں | اور لوگوں میں سے ہے | جو

اُنہیں اٹھائے گا جو قبروں میں ہیں۔(7) اور لوگوں میں سے کوئی ایسا ہے جو

يُّجَادِلُ | فِي اللّٰهِ | بِغَيْرِ عِلْمٍ | وَّلَا هُدًى | وَّلَا كِتٰبٍ
جھگڑا کرتا ہے | اللہ تعالیٰ کے بارے میں | بغیر علم کے | اور بغیر ہدایت کے | اور بغیر کتاب کے

بغیر علم کے، بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن کتاب کے اللہ تعالیٰ کے بارے میں

مُّنِيْرٍ ۙ﴿۸﴾ | ثَانِيَ | عِطْفِهٖ | لِيُضِلَّ | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ
روشن | وہ موڑنے والا ہے | اپنا پہلو | تا کہ وہ بھٹکا دے | اللہ تعالیٰ کے راستے سے

جھگڑتا کرتا ہے۔(8) وہ اپنا پہلو موڑنے والا ہے تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے راستے سے بھٹکا دے،

لَهٗ | فِي الدُّنْيَا | خِزْيٌ | وَّنُذِيْقُهٗ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ
اس کے لیے | دنیا میں | رسوائی ہے | اور ہم چکھائیں گے اسے | دن | قیامت کے

اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور ہم قیامت کے دن

عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝٩ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

عذاب | آگ کا | یہ | اس وجہ سے جو | آگے بھیجے ہیں

اسے آگ کا عذاب چکھائیں گے۔(9) یہ اُن کی وجہ سے ہے جو

يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝١٠ ع ۸ / ۱

تیرے دونوں ہاتھوں نے | اور بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | نہیں ہے | کبھی ظلم کرنے والا | بندوں کے لیے

تیرے دونوں ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر کبھی ظلم کرنے والا نہیں ہے۔(10)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ج

اور لوگوں میں سے ہے | جو | عبادت کرتا ہے | اللہ تعالیٰ کی | کنارے پر

اور لوگوں میں سے کوئی ایسا ہے جو کنارے پر رہ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے،

فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨاطْمَاَنَّ بِهٖ ج وَاِنْ

پھر اگر | پہنچے اس کو | فائدہ | مطمئن ہو جاتا ہے | اس پر | اور اگر

پھر اگر اسے فائدہ پہنچتا ہے تو اس پر مطمئن ہو جاتا ہے اور اگر

اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ قف ج خَسِرَ

آتی ہے اس کو | کوئی آزمائش | وہ پلٹ جاتا ہے | اپنے چہرے کے بل | اس نے خسارہ اُٹھایا

اُسے کوئی آزمائش آتی ہے تو چہرے کے بل پلٹ جاتا ہے، اُس نے

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ط ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝١١

دُنیا میں | اور آخرت میں بھی | یہی | وہ | خسارہ ہے | کھلا

دنیا میں بھی خسارہ اُٹھایا اور آخرت میں بھی، یہی کھلا خسارہ ہے۔(11)

يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا

وہ پکارتا ہے | اللہ تعالیٰ کے سوا | جو | نہیں نقصان دے سکتا اسے | اور جو

وہ اللہ تعالیٰ کے سوا اُسے پکارتا ہے جو اسے نہ نقصان دے سکتا ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا يَنْفَعُهٗ ؕ | ذٰلِكَ | هُوَ | الضَّلٰلُ | الْبَعِيْدُ ۚ ﴿١٢﴾ |
| نہ نفع پہنچا سکتا ہے اسے | یہ ہے | وہ | گمراہی | دور کی |

اور نہ نفع پہنچا سکتا ہے، یہی دور کی گمراہی ہے۔(12)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَدْعُوْا | لَمَنْ ضَرُّهٗٓ | اَقْرَبُ | مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ | لَبِئْسَ |
| وہ پکارتا ہے | نقصان جس کا | زیادہ قریب ہے | اس کے نفع سے | یقیناً بُرا ہے |

وہ اس کو پکارتا ہے جس کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے، یقیناً وہ بُرا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْلٰى | وَلَبِئْسَ | الْعَشِيْرُ ﴿١٣﴾ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُدْخِلُ |
| دوست | اور یقیناً بُرا ہے | رفیق | یقیناً | اللہ تعالیٰ | داخل کرے گا |

دوست ہے اور یقیناً وہ بُرا رفیق ہے!(13) یقیناً اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | جَنّٰتٍ |
| ان لوگوں کو جو | ایمان لائے ہیں | اور اُنہوں نے کیں | نیکیاں | جنتوں میں |

اور جنہوں نے نیکیاں کیں، انہیں جنتوں میں داخل کرے گا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ ؕ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَفْعَلُ |
| بہتی ہیں | جن کے نیچے سے | نہریں | یقیناً | اللہ تعالیٰ | کرتا ہے |

جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، یقیناً اللہ تعالیٰ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا | يُرِيْدُ ﴿١٤﴾ | مَنْ | كَانَ | يَظُنُّ | اَنْ |
| جو | وہ چاہتا ہے | جو شخص | ہے | گمان رکھتا | یہ کہ |

جو چاہتا ہے کرتا ہے۔(14) جو شخص یہ گمان رکھتا ہے کہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَّنْ يَّنْصُرَهُ | اللّٰهُ | فِي الدُّنْيَا | وَالْاٰخِرَةِ | فَلْيَمْدُدْ |
| ہرگز نہیں مدد کرے گا اس کی | اللہ تعالیٰ | دُنیا میں | اور آخرت میں | تو چاہیے کہ وہ دراز کرے |

اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی ہرگز مدد نہیں کرے گا تو اسے

| بِسَبَبٍ | اِلَى السَّمَآءِ | ثُمَّ | لْيَقْطَعْ | فَلْيَنْظُرْ |
|---|---|---|---|---|
| ایک رسی | آسمان تک | پھر | چاہیے کہ وہ کاٹ ڈالے | پھر چاہیے کہ وہ دیکھے |

ایک رسی آسمان تک دراز کرنی چاہیے پھر اسے کاٹ دینا چاہیے پھر اسے دیکھنا چاہیے

| هَلْ | يُذْهِبَنَّ | كَيْدُهٗ | مَا | يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾ | وَكَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|
| کیا | واقعی لے جائے گی | تدبیر اس کی | جو | غصہ دلاتی ہے | اور اسی طرح |

کیا واقعی اس کی تدبیر اس کو لے جائے گی جو اسے غصہ دلاتی ہے؟ (15) اور اسی طرح

| اَنْزَلْنٰهُ | اٰيٰتٍ | بَيِّنٰتٍ ۙ | وَّاَنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|
| نازل کیا ہم نے اُس کو | آیات | واضح | اور یقیناً | اللہ تعالیٰ |

ہم نے اس کو واضح آیات کے ساتھ نازل کیا ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ

| يَهْدِيْ | مَنْ | يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت دیتا ہے | جسے | چاہتا ہے | یقیناً | جو لوگ | ایمان لائے |

جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ (16) یقیناً جو لوگ ایمان لائے

| وَالَّذِيْنَ | هَادُوْا | وَالصّٰبِـِٔيْنَ | وَالنَّصٰرٰى | وَالْمَجُوْسَ |
|---|---|---|---|---|
| اور جو لوگ | یہودی بن گئے | اور صابی | اور نصاریٰ | اور مجوسی |

اور جو لوگ یہودی بن گئے اور صابی اور نصاریٰ اور مجوسی

| وَالَّذِيْنَ | اَشْرَكُوْٓا ۖ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَفْصِلُ | بَيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور جنہوں نے | شرک کیا | بے شک | اللہ تعالیٰ | فیصلہ کر دے گا | اُن کے درمیان |

اور جنہوں نے شرک کیا، بے شک اللہ تعالیٰ اُن کے درمیان

| يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ ۭ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | كُلِّ شَيْءٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| دن | قیامت کے | یقیناً | اللہ تعالیٰ | اوپر | ہر چیز کے |

قیامت کے دن فیصلہ کر دے گا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شَهِيْدٌ ﴿١٧﴾ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يَسْجُدُ |
| گواہ ہے | کیا نہیں | تو نے دیکھا | یقیناً | اللہ تعالیٰ کو | سجدہ کر رہا ہے |

گواہ ہے۔(17) کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی کو سجدہ کرتا ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَهٗ | مَنْ | فِي السَّمٰوٰتِ | وَمَنْ | فِي الْاَرْضِ |
| اس کے لیے | جو | آسمانوں میں ہے | اور جو | زمین میں ہے |

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالشَّمْسُ | وَالْقَمَرُ | وَالنُّجُوْمُ | وَالْجِبَالُ | وَالشَّجَرُ |
| اور سورج | اور چاند | اور تارے | اور پہاڑ | اور درخت |

اور سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَالدَّوَآبُّ | وَكَثِيْرٌ | مِّنَ النَّاسِ ؕ | وَكَثِيْرٌ | حَقَّ | عَلَيْهِ |
| اور جانور | اور بہت سے | لوگ بھی | اور بہت سے | ثابت ہو چکا | جن پر |

اور جانور اور بہت سے لوگ بھی، اور بہت سے لوگ ایسے بھی ہیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابُ ؕ | وَمَنْ | يُّهِنِ | اللّٰهُ | فَمَا لَهٗ |
| عذاب | اور جسے | ذلیل کر دیتا ہے | اللہ تعالیٰ | پھر نہیں اُس کے لیے |

جن پر عذاب ثابت ہو چکا ہے اور جسے اللہ تعالیٰ ذلیل کر دیتا ہے اسے پھر کوئی

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَفْعَلُ | مَا | يَشَآءُ ؕ﴿١٨﴾ السجدة | هٰذٰنِ |
| کوئی عزت دینے والا | یقیناً | اللہ تعالیٰ | کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | یہ |

عزت دینے والا نہیں یقیناً اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔(18)

| | | | |
|---|---|---|---|
| خَصْمٰنِ | اخْتَصَمُوْا | فِيْ رَبِّهِمْ ؗ | فَالَّذِيْنَ |
| دو جھگڑے والے (گروہ) ہیں | اُنہوں نے جھگڑا کیا | اپنے رب کے بارے میں | تو جن لوگوں نے |

یہ دو جھگڑے والے (گروہ) ہیں جنہوں نے اپنے رب کے بارے میں جھگڑا کیا ہے، تو جن لوگوں نے

السجدة

كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ

کفر کیا | کاٹے جا چکے | اُن کے لیے | کپڑے | آگ کے

کفر کیا ان کے لیے آگ کے کپڑے کاٹے جا چکے،

يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ﴿١٩﴾ ۚ يُصْهَرُ

ڈالا جائے گا | اُوپر سے | اُن کے سروں کے | کھولتا ہوا پانی | پگھلا دیا جائے گا

کھولتا ہوا پانی اُن کے سروں کے اوپر ڈالا جائے گا۔(19)

بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿٢٠﴾ ؕ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ

جس سے | جو | اُن کے پیٹوں میں ہوگا | اور کھالیں | اور اُن کے لیے | ہتھوڑے ہوں گے

جس سے وہ سب پگھلا دیا جائے گا جو ان کے پیٹوں میں ہوگا اور ان کی کھالیں بھی۔(20) اور اُن کے لیے

مِنْ حَدِيْدٍ ﴿٢١﴾ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا

لوہے کے | جب کبھی | وہ ارادہ کریں گے | یہ کہ | وہ نکلیں | اس سے

لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے۔(21) جب کبھی وہ

مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

گھٹن کی وجہ سے | لوٹا دیے جائیں گے | اس میں | اور چکھو | عذاب

سخت گھٹن کی وجہ سے ارادہ کریں گے کہ جہنم سے نکلیں، وہ اس میں لوٹا دیے جائیں گے

الْحَرِيْقِ ﴿٢٢﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (ع ۲ ۱۲ ۹)

آگ کا | یقیناً | اللہ تعالیٰ | داخل کرے گا | اُن لوگوں کو جو | ایمان لائے

اور تم آگ کا عذاب چکھو۔(22) یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اور اُنھوں نے کیں | نیکیاں | جنتوں میں | بہہ رہی ہیں | جن کے نیچے سے

جنھوں نے نیکیاں کیں، اُنھیں اللہ تعالیٰ جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْاَنْهٰرُ | يُحَلَّوْنَ | فِيْهَا | مِنْ اَسَاوِرَ | مِنْ ذَهَبٍ | |
| نہریں | وہ پہنائے جائیں گے | اس میں | کنگنوں میں سے | سونے کے | |

وہاں انہیں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّلُؤْلُؤًا ؕ | وَلِبَاسُهُمْ | فِيْهَا | حَرِيْرٌ ﴿٢٣﴾ | وَهُدُوْٓا | اِلَى |
| اور موتی | اور لباس اُن کا | اس میں | ریشم ہوگا | اور انہیں ہدایت دی گئی | طرف |

اور اس میں ان کا لباس ریشم ہوگا۔(23) اور انہیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الطَّيِّبِ | مِنَ الْقَوْلِ ۖۚ | وَهُدُوْٓا | اِلٰى | صِرَاطِ |
| پاکیزہ | بات سے | اور انہیں ہدایت بخشی گئی | طرف | راستے کی |

پاکیزہ بات (کلمہ) کی ہدایت بخشی گئی اور انہیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْحَمِيْدِ ﴿٢٤﴾ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَيَصُدُّوْنَ |
| تمام تعریفوں کے مالک کے | یقیناً | جن لوگوں نے | کفر کیا | اور وہ روکتے ہیں |

تمام تعریفوں کے مالک کے راستے کی طرف ہدایت دی گئی۔(24) یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا اور جو

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ | الَّذِيْ | جَعَلْنٰهُ |
| اللہ تعالیٰ کے راستے سے | اور مسجد حرام سے | جسے | بنایا ہم نے اُس کو |

اللہ تعالیٰ کے راستے سے اور مسجدِ حرام سے روکتے ہیں جسے ہم نے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِلنَّاسِ | سَوَآءَ ِۨ | الْعَاكِفُ | فِيْهِ | وَالْبَادِ ؕ | وَمَنْ |
| تمام لوگوں کے لیے | برابر ہیں | مقامی باشندے | اس میں | اور باہر سے آنے والے | اور جو |

تمام لوگوں کے لیے بنایا ہے، جس میں مقامی باشندے اور باہر سے آنے والے برابر ہیں اور جو شخص

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يُّرِدْ | فِيْهِ | بِاِلْحَادٍ | بِظُلْمٍ | نُّذِقْهُ |
| ارادہ کرے گا | اس میں | کج روی سے | ظلم کرنے کا | ہم چکھائیں گے اس کو |

کج روی سے اس میں ظلم کرنے کا ارادہ کرے گا ہم اسے

ع ٣ ١٠

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْ عَذَابٍ | اَلِيْمٍ ﴿٢٥﴾ ع | وَاِذْ | بَوَّاْنَا | لِاِبْرٰهِيْمَ |
| عذاب سے | دردناک | اور جب | متعین کی ہم نے | ابراہیم کے لیے |

دردناک عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔(25)اور جب ہم نے ابراہیم کے لیے بیت اللہ کی جگہ متعین کی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَكَانَ | الْبَيْتِ | اَنْ | لَّا تُشْرِكْ | بِيْ | شَيْئًا |
| جگہ | بیت اللہ کی | یہ کہ | نہ آپ شریک بنائیں | میرے ساتھ | کسی کو |

کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ | لِلطَّآئِفِيْنَ | وَالْقَآئِمِيْنَ | وَالرُّكَّعِ |
| اور پاک رکھو میرے گھر کو | طواف کرنے والوں | اور قیام کرنے والوں | اور رکوع |

اور میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع

| | | | |
|---|---|---|---|
| السُّجُوْدِ ﴿٢٦﴾ | وَاَذِّنْ | فِي النَّاسِ | بِالْحَجِّ |
| اور سجدہ کرنے والوں کے لیے | اور آپ اعلان کر دیں | لوگوں میں | حج کا |

اور سجدہ کرنے والوں کے لیے پاک رکھیں۔ (26)اور لوگوں میں حج کا اعلان کر دیں، وہ آپ کے پاس

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَاْتُوْكَ | رِجَالًا | وَّعَلٰى | كُلِّ | ضَامِرٍ |
| وہ آئیں گے آپ کے پاس | پیدل | اور اُوپر | ہر | لاغر اُونٹ کے |

پیدل اور ہر لاغر اونٹ پر سوار ہو کر آئیں گے،

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَّاْتِيْنَ | مِنْ كُلِّ فَجٍّ | عَمِيْقٍ ﴿٢٧﴾ لا | لِّيَشْهَدُوْا | مَنَافِعَ |
| وہ آئیں گے | ہر کشادہ راستوں سے | دور دراز | تاکہ وہ حاضر ہوں | منافع کو |

وہ دور دراز راستوں سے آئیں گے۔(27) تاکہ وہ اپنے منافع کے لئے حاضر ہوں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | وَيَذْكُرُوا | اسْمَ | اللّٰهِ | فِيْٓ اَيَّامٍ | مَّعْلُوْمٰتٍ |
| اُن کے | اور وہ ذکر کریں | نام | اللہ تعالیٰ کا | دنوں میں | معلوم |

اور چند معلوم دنوں میں چوپائے مویشیوں پر اللہ تعالیٰ کا نام ذکر کریں

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَلٰى | مَا | رَزَقَهُمْ | مِّنْۢ بَهِيْمَةِ | الْاَنْعَامِ ۚ |
| اُوپر | اس کے جو | اس نے عطا کیے اُن کو | مویشیوں میں سے | چوپایوں میں سے |

جو اُس نے انہیں عطا فرمائے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَكُلُوْا | مِنْهَا | وَاَطْعِمُوا | الْبَآئِسَ | الْفَقِيْرَ ۝٢٨ |
| سو کھاؤ | اس میں سے | اور کھلاؤ | تنگ دست | محتاج کو |

سوان میں سے خود بھی کھاؤ اور تنگ دست محتاج کو بھی کھلاؤ۔(28)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | لْيَقْضُوْا | تَفَثَهُمْ | وَلْيُوْفُوْا | نُذُوْرَهُمْ |
| پھر | چاہیے کہ وہ دور کریں | میل اپنا | اور چاہیے کہ وہ پورا کریں | اپنی نذریں |

پھر چاہیے کہ وہ اپنا میل کچیل دور کریں اور اپنی نذریں پوری کریں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَلْيَطَّوَّفُوْا | بِالْبَيْتِ | الْعَتِيْقِ ۝٢٩ | ذٰلِكَ ۚ | وَمَنْ |
| اور چاہیے کہ وہ خوب طواف کریں | گھر کا | قدیم | یہ | اور جو کوئی |

اور اس قدیم گھر کا خوب طواف کریں۔(29) یہ اور جو کوئی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُّعَظِّمْ | حُرُمٰتِ | اللّٰهِ | فَهُوَ | خَيْرٌ | لَّهٗ |
| تعظیم کرے | حرمتوں کی | اللہ تعالیٰ کی | تو وہ | بہتر ہے | اس کے لیے |

اللہ تعالیٰ کی حرمتوں کی تعظیم کرے تو وہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ | رَبِّهٖ ؕ | وَاُحِلَّتْ | لَكُمُ | الْاَنْعَامُ | اِلَّا |
| نزدیک | اس کے رب کے | اور حلال کیے گئے | تمہارے لیے | چوپائے | سوائے |

اس کے رب کے نزدیک خود اسی کے لیے بہتر ہے۔ اور مویشی جانور تمہارے لیے حلال کردیے گئے ہیں سوائے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَا | يُتْلٰى | عَلَيْكُمْ | فَاجْتَنِبُوا | الرِّجْسَ |
| جو | پڑھ کر سنائے جاتے ہیں | تمہیں | پس اجتناب کرو | گندگی سے |

ان کے جو تمہیں پڑھ کر سنائے جاتے ہیں پس تم بتوں کی گندگی سے اجتناب کرو

مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۝٣٠ لا حُنَفَآءَ

بتوں کی | اور پرہیز کرو | بات سے | جھوٹی | یک سوہونے والے

اور جھوٹی بات سے پرہیز کرو۔(30) اللہ تعالیٰ کے لیے

لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ

اللہ تعالیٰ کے لیے | نہ شرک کرتے ہوئے | ساتھ اُس کے | اور جو | شرک کرتا ہے

یکسو ہونے والے ہو، اُس کے ساتھ شرک نہ کرنے والے ہو، اور جو

بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ

ساتھ اللہ تعالیٰ کے | تو گویا کہ | وہ گر گیا | آسمان سے | پھر اُچک لیتے ہیں اسے | پرندے

اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتا ہے تو گویا وہ آسمان سے گر گیا، پھر پرندے اسے اُچک لیتے ہیں

اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ۝٣١

یا | گرا دیتی ہے | اسے | ہوا | جگہ میں | کسی دور دراز کی

یا اسے ہوا کسی دور دراز جگہ میں گرا دیتی ہے۔(31)

ذٰلِكَ ق وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا

یہ | اور جو | تعظیم کرتا ہے | شعائر کا | اللہ تعالیٰ کے | تو یقیناً وہ

یہ اور جو اللہ تعالیٰ کے شعائر کی تعظیم کرتا ہے تو یقیناً وہ

مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ۝٣٢ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى

تقویٰ سے ہے | دلوں کے | تمہارے لیے | اس میں | کچھ فوائد ہیں | تک

دلوں کے تقویٰ سے ہے۔(32) تمہارے لیے ان جانوروں میں

ع ۴ ۸ ۱۱ اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝٣٣ ع

وقت | مقررہ | پھر | ان کے حلال ہونے کی جگہ | طرف | گھر کے | قدیم

ایک مقررہ وقت تک کچھ فوائد ہیں پھر ان کے حلال ہونے کی جگہ قدیم گھر کے پاس ہے۔(33)

وَلِكُلِّ   أُمَّةٍ   جَعَلْنَا   مَنسَكًا   لِّيَذْكُرُوا   اسْمَ

اور واسطے ہر   اُمت کے   مقرر کیا ہم نے   قربانی کو   تاکہ وہ ذکر کریں   نام

اور ہم نے ہر اُمت کے لیے قربانی کو مقرر کیا ہے تاکہ وہ

اللَّهِ   عَلَىٰ   مَا   رَزَقَهُم   مِّن بَهِيمَةِ   الْأَنْعَامِ ۗ

اللہ تعالیٰ کا   اُوپر   اس کے جو   عطا کیا اُن کو   چوپایوں سے   مویشی

ان مویشی چوپایوں پر اللہ تعالیٰ کا نام ذکر کریں جو اُس نے انہیں عطا کر رکھے ہیں،

فَإِلَٰهُكُمْ   إِلَٰهٌ   وَاحِدٌ   فَلَهُ   أَسْلِمُوا ۗ

سو معبود تمہارا   معبود ہے   ایک ہی   تو اسی کے   فرماں بردار بنو

سو تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے تو تم اسی کے فرماں بردار بنو،

وَبَشِّرِ   الْمُخْبِتِينَ ﴿٣٤﴾   الَّذِينَ   إِذَا   ذُكِرَ

اور آپ خوش خبری دے دو   عاجزی اختیار کرنے والوں کو   وہ لوگ   جب   ذکر کیا جاتا ہے

اور آپ عاجزی اختیار کرنے والوں کو خوشخبری دے دیں۔(34) وہ لوگ کہ جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے

اللَّهُ   وَجِلَتْ   قُلُوبُهُمْ   وَالصَّابِرِينَ   عَلَىٰ

اللہ تعالیٰ کا   کانپ اٹھتے ہیں   دل اُن کے   اور صبر کرنے والے   اُوپر

تو اُن کے دل کانپ اٹھتے ہیں اور

مَا   أَصَابَهُمْ   وَالْمُقِيمِي   الصَّلَاةِ ۙ   وَمِمَّا

اس کے جو   مصیبت آتی ہے ان پر   اور قائم کرنے والوں کو   نماز   اور اس میں سے جو

جو مصیبت ان پر آتی ہے اس پر صبر کرنے والے ہوتے ہیں اور نماز قائم کرنے والے ہیں اور جو کچھ

رَزَقْنَاهُمْ   يُنفِقُونَ ﴿٣٥﴾   وَالْبُدْنَ   جَعَلْنَاهَا

عطا کیا ہم نے اُنہیں   وہ خرچ کرتے ہیں   اور قربانی کے اُونٹ   شامل کیا ہم نے اُن کو

ہم نے اُنہیں عطا کیا ہے اُس میں سے خرچ کرتے ہیں۔(35) اور ہم نے قربانی کے اونٹوں کو

لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ

تمہارے لیے | شعائر میں سے | اللہ تعالیٰ کے | تمہارے لیے | اس میں | بہت بھلائی ہے

تمہارے لئے شعائر اللہ میں شامل کیا ہے، ان میں تمہارے لیے بہت بھلائی ہے،

فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ

سو ذکر کرو | نام | اللہ تعالیٰ کا | ان پر | گھٹنا بندھے کھڑے رہنے والے ہوں

سوان پر اللہ تعالیٰ کا نام ذکر کرو کہ وہ گھٹنا بندھے کھڑے رہنے والے ہوں،

فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا

پھر جب | گر جائیں | پہلوؤں کے | تو کھاؤ | ان میں سے | اور کھلاؤ

پھر جب ان کے پہلو گر پڑیں تو ان میں سے خود بھی کھاؤ اور

الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ

قناعت پسند | اور مانگنے والے کو | اسی طرح | مسخر کیا ہم نے اُس کو | تمہارے لیے

قناعت پسند اور مانگنے والے کو بھی کھلاؤ، اس طرح جانوروں کو ہم نے تمہارے لیے مسخر کر دیا ہے

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٣٦﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا

تاکہ تم | شکر ادا کرتے رہو | کبھی نہیں | پہنچتا | اللہ تعالیٰ کو | گوشت ان کا

تاکہ تم شکر ادا کرتے رہو۔(36) اللہ تعالیٰ کو نہ کبھی ان کا گوشت پہنچتا ہے

وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ

اور نہ ہی خون ان کا | اور بلکہ | پہنچتا ہے اسے | تقویٰ | تمہارا

اور نہ ہی ان کا خون بلکہ اللہ تعالیٰ کو صرف تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے،

كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ

اسی طرح | اس نے مسخر کیا اس کو | تمہارے لیے | تاکہ تم بڑائی بیان کرو | اللہ تعالیٰ کی

اس طرح اُس نے تمہارے لیے ان کو مسخر کیا ہے تاکہ تم اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرو

عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾

اُوپر | اس کے جو | اس نے ہدایت دی تمہیں | اور آپ خوشخبری دے دو | نیکی کرنے والوں کو

کہ اس نے تمہیں ہدایت دی ہے اور آپ نیکی کرنے والوں کو خوشخبری دے دیں۔(37)

اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ

یقیناً | اللہ تعالیٰ | مدافعت کرتا ہے | اُن لوگوں کی طرف سے جو | ایمان لائے

یقیناً اللہ تعالیٰ ان کی مدافعت کرتا ہے جو ایمان لائے

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾ ع

بے شک | اللہ تعالیٰ | نہیں پسند کرتا | تمام | بڑے خیانت کار | بہت ناشکرے کو

بے شک اللہ تعالیٰ بڑے خیانت کار اور بہت ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔(38)

ع ۵ ۵ ۱۲
الثلثة

اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ

اجازت دے دی گئی | اُن کے لیے | جن سے جنگ کی جا رہی ہے | کیونکہ یقیناً وہ | ان پر ظلم کیا گیا

انہیں بھی اجازت دے دی گئی جن سے جنگ کی جا رہی ہے کیونکہ یقیناً ان پر ظلم کیا گیا

وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۨ ﴿۳۹﴾ لا

اور بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | اُوپر | اُن کی مدد کے | یقیناً پوری طرح قدرت رکھنے والا ہے

اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ اُن کی مدد پر یقیناً پوری قدرت رکھنے والا ہے۔(39)

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ

جن لوگوں کو | نکال دیا گیا | ان کے گھروں سے | ناحق | صرف اس وجہ سے

جن لوگوں کو اپنے گھروں سے ناحق نکال دیا گیا ہے صرف اسی وجہ سے

اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ

یہ کہ | وہ کہتے ہیں | ہمارا رب | اللہ تعالیٰ ہے | اور اگر نہ ہوتا | دفع کرنا

کہ وہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ ہمارا رب ہے اور اگر

اللّٰهِ　النَّاسَ　بَعْضَهُمْ　بِبَعْضٍ　لَّهُدِّمَتْ

اللہ تعالیٰ کا　لوگوں کو　اُن میں سے بعض کو　بعض کے ذریعے　یقیناً ڈھا دیے جاتے

اللہ تعالیٰ کا لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے دور کرنا نہ ہوتا تو یقیناً ڈھا دیے جاتے

صَوَامِعُ　وَبِيَعٌ　وَّصَلَوٰتٌ　وَّمَسٰجِدُ　يُذْكَرُ　فِيهَا

خانقاہیں　اور کلیسائیں　اور عبادت گاہیں　اور مسجدیں　ذکر کیا جاتا ہے　جن میں

خانقاہیں اور کلیسائیں اور عبادت گاہیں اور مسجدیں جن میں

اسْمُ　اللّٰهِ　كَثِيرًا ؕ　وَلَيَنْصُرَنَّ　اللّٰهُ

نام　اللہ تعالیٰ کا　کثرت سے　اور یقیناً ضرور مدد کرے گا　اللہ تعالیٰ

اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کیا جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ یقیناً ضرور اس کی مدد کرے گا

مَنْ　يَّنْصُرُهٗ ؕ　اِنَّ　اللّٰهَ　لَقَوِيٌّ　عَزِيزٌ ﴿٤٠﴾

جو　مدد کرے گا اُس کی　بے شک　اللہ تعالیٰ　بہت قوت والا　سب پر غالب ہے

جو اُس کی مدد کرے گا بے شک اللہ تعالیٰ بہت قوت والا، سب پر غالب ہے۔ (40)

اَلَّذِينَ　اِنْ　مَّكَّنّٰهُمْ　فِي الْاَرْضِ　اَقَامُوا

وہ لوگ　اگر　اقتدار عطا کریں ہم اُن کو　زمین میں　وہ قائم کریں گے

یہ لوگ ہیں اگر ہم انہیں زمین میں اقتدار عطا کریں تو وہ نماز قائم کریں گے

الصَّلٰوةَ　وَاٰتَوُا　الزَّكٰوةَ　وَاَمَرُوا　بِالْمَعْرُوفِ　وَنَهَوْا

نماز　اور وہ دیں گے　زکوۃ　اور وہ حکم دیں گے　معروف کا　اور وہ روکیں گے

اور زکوۃ دیں گے اور معروف کا حکم دیں گے اور

عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ　وَلِلّٰهِ　عَاقِبَةُ　الْاُمُورِ ﴿٤١﴾　وَاِنْ

منکر سے　اور اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار میں ہے　انجام　سب کاموں کا　اور اگر

منکر سے روکیں گے اور سب کاموں کا انجام اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار میں ہے۔ (41) اور اگر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُّكَذِّبُوْكَ | فَقَدْ | كَذَّبَتْ | قَبْلَهُمْ | قَوْمُ نُوْحٍ | وَّعَادٌ |
| وہ جھٹلاتے ہیں آپ کو | تو بلاشبہ | جھٹلا چکے | اُن سے پہلے | قوم نوح | اور عاد |

وہ آپ کو جھٹلاتے ہیں تو بلاشبہ ان سے پہلے قومِ نوح اور عاد

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَّثَمُوْدُ ﴿٤٢﴾ | وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ | وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿٤٣﴾ | وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ |
| اور ثمود | اور قومِ ابراہیم | اور قوم لوط | اور اہل مدین |

اور ثمود جھٹلا چکے ہیں۔(42) اور قومِ ابراہیم اور قومِ لوط (43) اور اہلِ مدین بھی (جھٹلا چکے ہیں)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَكُذِّبَ | مُوْسٰى | فَاَمْلَيْتُ | لِلْكٰفِرِيْنَ | ثُمَّ |
| اور جھٹلایا گیا | موسیٰ کو | تو میں نے ڈھیل دی | کافروں کو | پھر |

اور موسیٰ کو بھی جھٹلایا گیا تو کافروں کو میں نے ڈھیل دی پھر

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَخَذْتُهُمْ | فَكَيْفَ | كَانَ | نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾ | فَكَاَيِّنْ |
| پکڑ لیا میں نے اُنہیں | تو کیسا | تھا | میرا عذاب | چنانچہ کتنی ہی |

میں نے اُنہیں پکڑ لیا، تو کیسا تھا میرا عذاب! (44) چنانچہ کتنی ہی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنْ قَرْيَةٍ | اَهْلَكْنٰهَا | وَهِيَ | ظَالِمَةٌ | فَهِيَ |
| بستیاں ہیں | ہلاک کر دیا ہم نے اُن کو | اس حال میں کہ وہ | ظالم تھیں | چنانچہ وہ |

بستیاں ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کیا اس حال میں کہ وہ ظالم تھیں، چنانچہ وہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خَاوِيَةٌ | عَلٰى | عُرُوْشِهَا | وَبِئْرٍ | مُّعَطَّلَةٍ | وَّقَصْرٍ |
| گری پڑی ہیں | اُوپر | اپنی چھتوں کے | اور کنویں | بے کار چھوڑے ہوئے | اور محل |

اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور کتنے ہی کنویں بے کار چھوڑے ہوئے اور

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾ | اَفَلَمْ | يَسِيْرُوْا | فِى الْاَرْضِ | فَتَكُوْنَ |
| چونا گچ | تو کیا نہیں | چلے پھرے وہ | زمین میں | کہ ہوں |

چونا گچ محل۔(45) تو کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | قُلُوْبٌ | يَّعْقِلُوْنَ | بِهَآ | اَوْ | اٰذَانٌ |
| اُن کے لیے | دل | وہ سمجھتے ہوں | ساتھ اُن کے | یا | کان ہوں |

اُن کے لیے ایسے دل ہوں جن سے وہ سمجھتے ہوں؟ یا ایسے کان ہوں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَّسْمَعُوْنَ | بِهَا ۚ | فَاِنَّهَا | لَا تَعْمَى | الْاَبْصَارُ |
| وہ سنتے ہوں | جن سے | پس یقیناً | نہیں اندھی ہوتیں | آنکھیں |

جن سے وہ سنتے ہوں، پس یقیناً آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں لیکن

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَلٰكِنْ | تَعْمَى | الْقُلُوْبُ | الَّتِيْ | فِي الصُّدُوْرِ ﴿٤٦﴾ |
| لیکن | اندھے ہوجاتے ہیں | وہ دل | جو | سینوں میں ہیں |

وہ دل اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں۔(46)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ | بِالْعَذَابِ | وَلَنْ | يُّخْلِفَ | اللّٰهُ |
| اور وہ جلدی مانگتے ہیں آپ سے | عذاب کو | اور ہرگز نہیں | خلاف کرے گا | اللہ تعالیٰ |

اور یہ لوگ آپ سے عذاب کو جلدی مانگتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہرگز

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَعْدَهٗ ؕ | وَاِنَّ | يَوْمًا | عِنْدَ | رَبِّكَ |
| اپنے وعدے کے | اور یقیناً | ایک دن | نزدیک | آپ کے رب کے |

اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرے گا اور یقیناً آپ کے رب کے ہاں کا ایک دن

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَاَلْفِ سَنَةٍ | مِّمَّا | تَعُدُّوْنَ ﴿٤٧﴾ | وَكَاَيِّنْ | مِّنْ قَرْيَةٍ |
| ایک ہزار سال کی مانند ہے | اس سے جسے | تم شمار کرتے ہو | اور کتنی ہی | بستیاں ہیں |

ایک ہزار سال کی مانند ہے اس گنتی سے جو تم شمار کرتے ہو۔(47) اور کتنی ہی بستیاں ہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَمْلَيْتُ | لَهَا | وَهِيَ | ظَالِمَةٌ | ثُمَّ | اَخَذْتُهَا ۚ |
| میں نے ڈھیل دی | اُن کے لیے | اس حال میں کہ وہ | ظالم تھیں | پھر | پکڑ لیا میں نے اُنہیں |

جنہیں میں نے ڈھیل دی اس حال میں کہ وہ ظالم تھیں پھر میں نے اُنہیں پکڑ لیا

ع ٦ / ١٣

وَإِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿٤٨﴾ ع قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا

اور میری ہی طرف | لوٹ کر آنا ہے | آپ کہہ دیں | اے | لوگو | یقیناً

اور میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔(48) آپ کہہ دیں اے لوگو! یقیناً

أَنَا لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿٤٩﴾ ج فَالَّذِينَ آمَنُوا

میں تمہیں | خبردار کرنے والا ہوں | کھلا | تو وہ لوگ جو | ایمان لائے

میں تمہیں کھلا خبردار کرنے والا ہوں۔(49) تو وہ لوگ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٥٠﴾

اور انہوں نے کیں | نیکیاں | اُن کے لیے | مغفرت ہے | اور رزق ہے | باعزت

اور انہوں نے نیکیاں کیں ان کے لیے بڑی مغفرت اور باعزت رزق ہے۔(50)

وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُولَٰئِكَ

اور جن لوگوں نے | کوششیں کیں | ہماری آیات میں | نیچا دکھانے والے ہیں | یہی لوگ

اور جن لوگوں نے ہماری آیات کے بارے میں کوششیں کیں اس حالت میں کہ وہ نیچا دکھانے والے ہیں،

أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿٥١﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ

دوزخ والے ہیں | اور نہیں | بھیجا ہم نے | آپ سے پہلے | کوئی رسول

وہی دوزخ والے ہیں۔(51) اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول

وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّىٰ أَلْقَى الشَّيْطَانُ

اور نہ کوئی نبی | مگر | جب | اس نے تمنا کی | ڈال دیا | شیطان نے

اور نبی نہیں بھیجا مگر اُس نے تمنّا کی تو شیطان نے

فِي أُمْنِيَّتِهِ ج فَيَنْسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ

اس کی تمنا میں | تو مٹا دیتا ہے | اللہ تعالیٰ | جو کچھ بھی | ڈالتا ہے | شیطان

اس کی تمنا میں خلل ڈال دیا تو جو کچھ بھی شیطان ڈالتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کو مٹا دیتا ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | يُحْكِمُ | اللّٰهُ | اٰيٰتِهٖ ؕ | وَاللّٰهُ | عَلِيْمٌ |
| پھر | پختہ کرتا ہے | اللہ تعالیٰ | اپنی آیات کو | اور اللہ تعالیٰ | سب کچھ جاننے والا |

پھر اللہ تعالیٰ اپنی آیات پختہ کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا،

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ | لِّيَجْعَلَ | مَا | يُلْقِي | الشَّيْطٰنُ |
| کمال حکمت والا ہے | تاکہ وہ بنا دے | جو | ڈالتا ہے | شیطان |

کمال حکمت والا ہے۔(52) تاکہ جو شیطان ڈالتا ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِتْنَةً | لِّلَّذِيْنَ | فِيْ قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | وَّالْقَاسِيَةِ |
| ایک فتنہ | اُن لوگوں کے لیے | جن کے دلوں میں | بیماری ہے | اور سخت ہیں |

اللہ تعالیٰ اسے ان لوگوں کے لئے فتنہ بنا دے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبُهُمْ ؕ | وَاِنَّ | الظّٰلِمِيْنَ | لَفِيْ شِقَاقٍۭ | بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ |
| دل اُن کے | اور بے شک | ظالم | یقیناً مخالفت میں ہیں | دور کی |

اور بے شک ظالم یقیناً دور کی مخالفت میں ہیں۔(53)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّلِيَعْلَمَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْعِلْمَ | اَنَّهُ | الْحَقُّ |
| اور تاکہ جان لیں | وہ لوگ | جن کو دیا گیا ہے | علم | یقیناً وہ | حق ہے |

اور تاکہ جن لوگوں کو علم دیا گیا ہے جان لیں کہ آپ کے رب کی جانب سے یقیناً وہ حق ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْ رَّبِّكَ | فَيُؤْمِنُوْا | بِهٖ | فَتُخْبِتَ | لَهٗ |
| آپ کے رب کی جانب سے | تو وہ ایمان لائیں | اُس پر | پس عاجز ہو جائیں | اُس کے لیے |

تو وہ اس پر ایمان لے آئیں پس اُن کے دل اس کے لیے عاجز ہو جائیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبُهُمْ ؕ | وَاِنَّ | اللّٰهَ | لَهَادِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا |
| دل اُن کے | اور یقیناً | اللہ تعالیٰ | ضرور ہدایت دینے والا ہے | اُن لوگوں کو جو | ایمان لائے |

اور یقیناً اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰی | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ ۝٥٤ | | وَلَا يَزَالُ | الَّذِيْنَ |
| طرف | راستے کی | سیدھے | | اور ہمیشہ رہیں گے | وہ لوگ |

سیدھے راستے کی طرف ضرور ہدایت دینے والا ہے۔(54)اور جن لوگوں نے کفر کیا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | فِيْ مِرْيَةٍ | مِّنْهُ | حَتّٰى | تَاْتِيَهُمُ | السَّاعَةُ |
| جنہوں نے کفر کیا | شک میں | اس سے | حتیٰ کہ | آجائے گی اُن کے پاس | قیامت |

وہ ہمیشہ اس سے شک ہی میں پڑے رہیں گے حتیٰ کہ ان پر اچانک قیامت آجائے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَغْتَةً | اَوْ | يَاْتِيَهُمْ | عَذَابُ | يَوْمٍ | عَقِيْمٍ ۝٥٥ |
| اچانک | یا | آجائے اُن پر | عذاب | دن کا | بانجھ |

یا اُن پر بانجھ دن کا عذاب آجائے۔(55)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَلْمُلْكُ | يَوْمَئِذٍ | لِّلّٰهِ ؕ | يَحْكُمُ | بَيْنَهُمْ ؕ |
| بادشاہت | اُس دن | اللہ تعالیٰ کے لیے ہوگی | وہ فیصلہ کرے گا | درمیان اُن کے |

اُس دن بادشاہت اللہ تعالیٰ کے لیے ہوگی، وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے گا،

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | فِيْ جَنّٰتِ |
| پھر جو لوگ | ایمان لائے ہیں | اور جنہوں نے کیں | نیکیاں | جنتوں میں |

پھر جو لوگ ایمان لائے ہیں اور جنہوں نے نیکیاں کیں وہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| النَّعِيْمِ ۝٥٦ | وَالَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَكَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا |
| نعمت بھری | اور جن لوگوں نے | کفر کیا | اور اُنہوں نے جھٹلایا | ہماری آیات کو |

نعمت بھری جنتوں میں ہوں گے۔(56)اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ ۝٥٧ ع | وَالَّذِيْنَ | هَاجَرُوْا |
| تو ایسے ہی لوگ | اُن کے لیے | عذاب ہے | رُسوا کن | اور جن لوگوں نے | ہجرت کی |

تو ایسے ہی لوگوں کے لئے رسوا کن عذاب ہے۔(57)اور جن لوگوں نے

ع ٩ ١٤

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ کی راہ میں | پھر | وہ قتل کر دیے گیے | یا | وہ مر گئے | تو لازماً دے گا اُنہیں | اللہ تعالیٰ

اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کی پھر اُنہیں قتل کر دیا گیا یا وہ مر گئے تو اللہ تعالیٰ اُنہیں لازماً

رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۵۸

رزق | اچھا | اور بلاشبہ | اللہ تعالیٰ ہی | یقیناً وہ | بہترین | رزق دینے والا ہے

اچھا رزق دے گا اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ یقیناً بہترین رزق دینے والا ہے۔(58)

لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ

یقیناً وہ اُن کو لازماً داخل کرے گا | داخل ہونے کی جگہ میں | جسے وہ پسند کریں گے | اور یقیناً | اللہ تعالیٰ

یقیناً اللہ تعالیٰ اُنہیں لازماً ایسی جگہ میں داخل کرے گا جسے وہ پسند کریں گے اور یقیناً اللہ تعالیٰ

لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۵۹ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا

ضرور سب کچھ جاننے والا | بے حد بردبار ہے | یہ | اور جو | بدلہ لے | اس جیسا جو

ضرور سب کچھ جاننے والا، بے حد بردبار ہے۔(59) یہ اور جو کوئی بدلہ لے جیسا کہ

عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ

زیادتی کی گئی تھی | اس کے ساتھ | پھر | زیادتی کی گئی | اس پر | تو ضرور مدد کرے گا اُس کی

اس کے ساتھ زیادتی کی گئی پھر اُس پر زیادتی کی گئی تھی تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کی مدد کرے گا

اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۶۰

اللہ تعالیٰ | بے شک | اللہ تعالیٰ | یقیناً درگزر کرنے والا | بے حد بخشنے والا ہے

بے شک اللہ تعالیٰ یقیناً نہایت درگزر کرنے والا، بے حد بخشنے والا ہے۔(60)

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

یہ | اس لیے کہ یقیناً | اللہ تعالیٰ | داخل کرتا ہے | رات کو | دن میں

یہ اس لیے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ رات کو دن میں داخل کرتا ہے

وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ

اور داخل کرتا ہے | دن کو | رات میں | اور یقیناً | اللہ تعالیٰ | سب کچھ سننے والا

اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا،

بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ

سب کچھ دیکھنے والا ہے | یہ | اس وجہ سے کہ یقیناً | اللہ تعالیٰ | وہ | حق ہے | اور یقیناً

سب کچھ دیکھنے والا ہے۔(61) یہ اس لیے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی حق ہے

مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ

جنہیں | وہ پکارتے ہیں | اس کے سوا | وہ | باطل ہیں | اور یقیناً | اللہ تعالیٰ

اور یقیناً وہ سب باطل ہیں جنہیں وہ اللہ تعالیٰ کے سوا پکارتے ہیں اور یقیناً

هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

وہ | بے حد بلند | بہت بڑا ہے | کیا نہیں | آپ نے دیکھا | بے شک | اللہ تعالیٰ نے

اللہ تعالیٰ بے حد بلند، بہت بڑا ہے۔(62) کیا آپ نے دیکھا نہیں کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۡ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۭ اِنَّ

برسایا | آسمان سے | کچھ پانی | تو ہوگئی | زمین | سرسبز | یقیناً

آسمان سے کچھ پانی برسایا؟ تو زمین سرسبز ہوگئی، یقیناً اللہ تعالیٰ

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿٦٣﴾ ج لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اللہ تعالیٰ | نہایت باریک بین | پوری خبر رکھنے والا ہے | اسی کا ہے | جو | آسمانوں میں ہے

نہایت باریک بین، پوری طرح خبر رکھنے والا ہے۔(63) اُسی کا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦٤﴾ ع ٨/٧ ١٥

اور جو | زمین میں ہے | اور بے شک | اللہ تعالیٰ | وہ | بڑا بے نیاز ہے | تمام تعریفوں والا ہے

زمین میں ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ یقیناً بڑا بے پروا، تمام تعریفوں والا ہے۔(64)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ

کیا نہیں | آپ نے دیکھا | یقیناً | اللہ تعالیٰ نے | مسخر کیا | تمہارے لیے

کیا آپ نے نہیں دیکھا یقیناً اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے مسخر کر دیا

مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ

جو | زمین میں ہے | اور کشتیاں | چلتی ہیں | سمندر میں | اُس کے حکم سے

جو زمین میں ہے اور کشتیوں کو بھی جو اس کے حکم سے سمندر میں چلتی ہیں

وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ

اور وہ تھامے ہوئے ہے | آسمان کو | یہ کہ (نہ) | وہ گر پڑے | اُوپر | زمین کے

اور وہ آسمان کو تھامے ہوئے ہے کہ زمین پر نہ گر پڑے

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ

مگر | اس کے حکم سے | بے شک | اللہ تعالیٰ | لوگوں کے ساتھ | یقیناً بڑی شفقت کرنے والا

مگر اُس کے حکم سے، بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں پر یقیناً بڑی شفقت کرنے والا ،

رَّحِيْمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۡ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

نہایت رحم والا ہے | اور وہی ہے | جس نے | زندہ کیا تمہیں | پھر | وہ موت دے گا تمہیں

نہایت رحم والا ہے۔(65) اور وہی ہے جس نے تمہیں زندہ کیا پھر وہی تمہیں موت دے گا

ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾

پھر | وہی زندہ کرے گا تمہیں | یقیناً | انسان | بلاشبہ بڑا ہی ناشکرا ہے

پھر وہی تمہیں زندہ کرے گا، یقیناً انسان بلاشبہ بڑا ہی ناشکرا ہے۔(66)

لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ

ہر اُمت کے لیے | مقرر کیا ہم نے | عبادت کا ایک طریقہ | وہ | جسے وہ بجالانے والے ہیں

ہر اُمت کے لیے ہم نے عبادت کا ایک طریقہ مقرر کیا ہے جسے وہ بجالانے والے ہیں

فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ

سو وہ ہرگز جھگڑا نہ کریں آپ سے | اس معاملے میں | اور آپ دعوت دیں | طرف | اپنے رب کے

سو وہ آپ سے اس معاملے میں ہرگز جھگڑا نہ کریں اور آپ اپنے رب کی طرف دعوت دیں

اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٦٧﴾ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ

یقیناً آپ | یقیناً راستے پر ہیں | سیدھے | اور اگر | وہ جھگڑا کریں آپ سے

یقیناً آپ سیدھے راستے پر ہیں۔(67) اور اگر وہ آپ سے جھگڑا کریں

فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾

تو آپ کہہ دیں | اللہ تعالیٰ | زیادہ جاننے والا ہے | جو کچھ بھی | تم عمل کرتے ہو

تو آپ کہہ دیں جو کچھ بھی تم عمل کرتے ہو اللہ تعالیٰ اسے زیادہ جاننے والا ہے۔(68)

اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا

اللہ تعالیٰ | فیصلہ کرے گا | درمیان تمہارے | دن | قیامت کے | اُس میں جو

اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان قیامت کے دن فیصلہ کردے گا

كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ

تھے تم | جن میں | اختلاف کرتے | کیا نہیں | آپ جانتے | بلاشبہ

جن باتوں میں تم اختلاف کرتے تھے۔(69) کیا آپ نہیں جانتے کہ بلاشبہ

اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ

اللہ تعالیٰ | جانتا ہے | جو | آسمانوں میں ہے | اور جو زمین میں | یقیناً

اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو آسمان اور زمین میں ہے؟ یقیناً

ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

یہ | ایک کتاب میں ہے | یقیناً | یہ | اُوپر | اللہ تعالیٰ کے

یہ سب ایک کتاب میں ہے، یقیناً یہ اللہ تعالیٰ پر بہت ہی

يَسِيْرٌ ﴿۷۰﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ

آسان ہے | اور وہ عبادت کرتے ہیں | اللہ تعالیٰ کے سوا | جو | نہیں اتاری

آسان ہے۔(70) اور اللہ تعالیٰ کے سوا وہ اُن کی عبادت کرتے ہیں جس کی

بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ

جس کی | کوئی دلیل | اور جس کا | نہیں ہے | اُن کو | ساتھ اُس کے

اللہ تعالیٰ نے کوئی دلیل نہیں اُتاری اور ان کی عبادت کرتے ہیں جن کے بارے میں اُنہیں

عِلْمٌ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۷۱﴾ وَاِذَا

کوئی علم | اور نہیں | ظالموں کے لیے | کوئی مددگار | اور جب

کوئی علم بھی نہیں ہے اور ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں ہے۔(71) اور جب

تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ

پڑھ کر سنائی جاتی ہیں | اُن پر | ہماری آیات | واضح | آپ پہچان لیں گے

اُنہیں ہماری واضح آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو آپ

فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ۭ يَكَادُوْنَ

چہروں میں | ان لوگوں کو | جن لوگوں نے کفر کیا | صاف انکار | وہ قریب ہی ہوتے ہیں

ان کے چہروں میں جن لوگوں نے کفر کیا، صاف انکار پہچان لیں گے وہ قریب ہیں کہ

يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۭ

کہ حملہ کر دیں | اُن لوگوں پر جو | پڑھ کر سناتے ہیں | اُن پر | ہماری آیات

اُن لوگوں پر حملہ کر دیں جو اُنہیں ہماری آیات پڑھ کر سناتے ہیں،

قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ۭ اَلنَّارُ ۭ

آپ کہہ دیں | تو کیا میں بتاؤں تمہیں | بُری چیز | اس سے | وہ آگ ہے

آپ کہہ دیں تو کیا میں تمہیں اس سے بُری چیز بتاؤں؟ وہ آگ ہے،

ع ٩ ٨ ١٦

وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَبِئْسَ

وعدہ کیا جس کا | اللہ تعالیٰ نے | اُن لوگوں سے | جنہوں نے کفر کیا | اور بہت ہی بُرا ہے

اللہ تعالیٰ نے جس کا اُن سے وعدہ کر رکھا ہے جنہوں نے کفر کیا اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔(72)

الْمَصِيْرُ ﴿٧٢﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا

ٹھکانا | اے | لوگو | بیان کی جاتی ہے | ایک مثال | سو غور سے سنو

اے لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے سو اسے غور سے سنو،

لَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ

اسے | یقیناً | وہ لوگ جنہیں | تم پکارتے ہو | سوائے اللہ تعالیٰ کے | ہرگز نہیں

یقیناً وہ لوگ جنہیں تم اللہ تعالیٰ کے سوا پکارتے ہو

يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۭ وَاِنْ

وہ پیدا کریں گے | ایک مکھی | اور اگرچہ وہ جمع ہو جائیں | اس کے لیے | اور اگر

ایک مکھی بھی ہرگز پیدا نہیں کریں گے اور اگرچہ وہ سب کے سب اس کے لیے جمع ہو جائیں اور اگر

يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـــًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ

چھین لے اُن سے | مکھی | کچھ بھی | نہیں وہ چھڑا سکتے اس کو | اس سے

مکھی ان سے کچھ بھی چھین لے تو اُسے اُس سے وہ چھڑا بھی نہیں سکتے

ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿٧٣﴾ مَا قَدَرُوا

کمزور ہے | طلب کرنے والا | اور جس سے طلب کیا گیا | نہیں | انہوں نے قدر کی

طلب کرنے والا بھی کمزور ہے اور جس سے طلب کیا گیا وہ بھی کمزور ہے۔(73) انہوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر ہی نہ کی

اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ

اللہ تعالیٰ کی | حق ہے | اس کی قدر کرنے کا | بے شک | اللہ تعالیٰ | یقیناً بڑی قوت والا

جیسا کہ اُس کی قدر کا حق ہے، بے شک اللہ تعالیٰ یقیناً بڑی قوت والا،

عَزِيزٌ ﴿٧٤﴾ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا

سب پر غالب ہے | اللہ تعالیٰ | منتخب فرماتا ہے | فرشتوں میں سے | پیغام پہنچانے والے

سب پر غالب ہے۔(74) اللہ تعالیٰ فرشتوں اور انسانوں میں سے پیغام پہنچانے والے منتخب فرماتا ہے،

وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٧٥﴾ ج

اور انسانوں میں سے | یقیناً | اللہ تعالیٰ | سب کچھ سننے والا | سب کچھ دیکھنے والا ہے

یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا، سب کچھ دیکھنے والا ہے۔(75)

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى

وہ جانتا ہے | جو کچھ | آگے ہے اُن کے | اور جو کچھ | پیچھے ہے اُن کے | اور طرف

وہ جانتا ہے جو کچھ اُن کے آگے ہے اور جو کچھ اُن کے پیچھے ہے اور

اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٧٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اللہ تعالیٰ کی | لوٹائے جاتے ہیں | سارے معاملات | اے لوگو | جو

سارے معاملات اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔(76) اے لوگو جو

اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ

ایمان لائے ہو | رکوع کرو | اور سجدہ کرو | اور عبادت کرو | اپنے رب کی

ایمان لائے ہو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی عبادت کرو

وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٧٧﴾ ۩ السجدة

اور کام کرو | نیک | تاکہ تم | کامیاب ہو جاؤ

اور نیک کام کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔(77)

السجدة ۱
عند الشافعی

وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ

اور جہاد کرو | اللہ تعالیٰ کی راہ میں | حق ہے | اُس کے راستے میں جہاد کرنے کا

اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ اس کے راستے میں جہاد کرنے کا حق ہے،

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هُوَ اجْتَبٰىكُمْ | وَمَا | جَعَلَ | عَلَيْكُمْ | فِي الدِّيْنِ |
| اُس نے چن لیا تمہیں | اور نہیں | رکھی اُس نے | تم پر | دین میں |
| اس نے تمہیں چن لیا ہے اور اُس نے دین میں تم پر | | | | |
| مِنْ حَرَجٍ ؕ | مِلَّةَ | اَبِيْكُمْ | اِبْرٰهِيْمَ ؕ | هُوَ |
| کوئی تنگی | ملت ہے | تمہارے باپ | ابراہیم کی | اسی نے |
| تنگی نہیں رکھی، تمہارے باپ ابراہیم کی ملت ہے، اُسی نے | | | | |
| سَمّٰىكُمُ | الْمُسْلِمِيْنَ ۙ | مِنْ قَبْلُ | وَفِيْ هٰذَا | لِيَكُوْنَ |
| نام رکھا تمہارا | مسلم | اس سے پہلے بھی | اور اس میں بھی | تا کہ ہو |
| تمہارا نام مسلم رکھا ہے، اس سے پہلے بھی اور اس قرآن میں بھی، تا کہ | | | | |
| الرَّسُوْلُ | شَهِيْدًا | عَلَيْكُمْ | وَتَكُوْنُوْا | شُهَدَآءَ |
| رسول | گواہ | تم پر | اور تم ہو جاؤ | گواہ |
| رسول تم پر گواہ ہو جائیں اور تم | | | | |
| عَلَى النَّاسِ ۖۚ | فَاَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ |
| لوگوں پر | سو قائم کرو | نماز | اور ادا کرو | زکوۃ |
| لوگوں پر گواہ ہو جاؤ۔ سو نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو | | | | |
| وَاعْتَصِمُوْا | بِاللّٰهِ ؕ | هُوَ | مَوْلٰىكُمْ ۚ | فَنِعْمَ |
| اور مضبوطی سے پکڑو | اللہ تعالیٰ (کے دین) کو | وہی ہے | تمہارا مالک | سو کیا ہی اچھا ہے |
| اور اللہ تعالیٰ (کے دین) کو مضبوطی سے پکڑلو، وہی تمہارا مالک ہے سو کیا ہی اچھا | | | | |
| الْمَوْلٰى | وَنِعْمَ | النَّصِيْرُ ﴿٧٨﴾ ع | | |
| مالک | اور اچھا ہے | مددگار | | |
| وہ مالک ہے اور اچھا مددگار ہے! (78) | | | | |

ع ١٠ ١٧